ابھی عین کچھ کہتی جب حاشر کی آواز دوبارہ آتی ہے ایک پریشان نظر وہ عین کو دیکھتا جلدی سے اٹھ کے روم سے باہر جاتا ہے۔۔۔۔اسکا گھر میں گھسنا حاثم کو ایک آنکھ نہیں بھاتا۔۔۔۔وہ غصے میں نیچے آتا ہے۔۔۔۔

حاثم کو آتا دیکھ حاشر اسکی طرف بڑھتا حاثم کا گلے تک پہنچ جاتا ہے حاثم اسکے لیے تیار نہیں تھا۔۔ورنہ وہ اس طرح کی ہمت کبھی نہ کر پاتا۔۔۔۔

عین حیرت سے منہ پے ہاتھ رکھتی ہے۔۔اس حالت میں اسے سمجھ نہیں آتا کیا کرے۔۔۔۔

حاثم دم گھٹنے پے ہی اپنی ہوا میں آتا حاشر کے پیٹ پے اپنا پاوں مارتا ہے وار زور دار ہوتا ہے حاشر کا ہاتھ ڈھیلہ ہوتا ہے۔۔۔حاثم اسے ڈھیلہ ہوتا محسوس کر اسکے دونوں ہاتھوں کو پکڑ کے پیچھے مڑورتا اسکی کمر پے زوردار کک مارتا ہے۔۔۔۔

حاشر اب دور جا کے گرتا ہے۔۔۔۔اسکے گرتے حاثم ایک پاوں زمیں پے رکھ

حاشر پے جھکتا اسکا گریبان پکڑ کے اپنے سامنے کرتا خونخوار نظروں سے دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

تیری اتنی ہمت۔۔۔۔

کچھ نیند اور کچھ غصے سے لال ہوتی آنکھیں حاشر کی آنکھوں میں گاڑتا دھرا دھر اسکا چہرہ مکوں سے سوجا دیتا ہے آس پاس کھڑے حاشر کے بندوں کسی میں اتنی ہمت نہیں ہوتی انھیں چھوڑوادے وہ ایک دوسرے کا منہ دیکھ کے رہ جاتے ہیں۔۔۔۔۔عین حاثم کو پاگلوں کی طرح مارتا دیکھ جلدی سے آگے بھرتی اسکا بازو پکڑ کے پیچھے کرنے کی کوشش کرتی ہے۔۔۔

حاثم چھوڑیں اسے حاثم نہیں کریں نہ۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حاشم اسکے پکڑنے پے ایک دم رکتا اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔جو آنسو سے تر چہرہ لیے اسے دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔گھبراہٹ سے اسکے ہاتھ پاوں کانپنے لگ جاتے ہیں۔۔۔۔حاشم اسکا گریبان چھوڑ کے اٹھتا ہے۔۔۔۔

دل تو چاہ رہا ہے یہی دفن کر دوں تجھے۔۔۔۔ذلیل انسان۔۔۔۔پولیس کو فون کرو۔۔۔۔

حاشر کو بولتا وہ میڈ کو دیکھتا ہے اور اسے پولیس کو بلانے کا کہتا ہے۔۔۔۔۔وہ جلدی سے پولیس کو فون ملاتی ہے۔۔۔۔۔حاشم کی نظر عین پے جاتی ہے جو ابھی تک اسکے بازو کو پکڑے کانپ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

اسکے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتا دباتا عین کو اپنے ساتھ لگا کے بچوں کی طرح تھپکی دیتا ہے۔۔۔۔

ریلیکس عین۔۔۔۔۔

ایک نظر حاشر کو دیکھتی وہ اپنا چہرہ حاشم کے کندھے کے پیچھے چھپا لیتی ہے۔۔۔ جیسے وہ حاشر کو خون میں لتپت دیکھنا ہی نہیں چاہتی تھی۔۔۔۔۔

حاشم کے مکوں سے اسکا دانت ہل گئے تھی کھنستا وہ اپنے ہونٹوں سے خون صاف کرتا اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

امبر کہاں ہے۔۔

ایک ہاتھ کے بل اٹھتا وہ امبر کا پوچھتا ہے۔۔۔ حاشم ایک خونخوار نظروں سے اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

اگر اسے غائب کرنے میں بھی تیرا ہاتھ ہے تو یے بہت مہنگا پڑنے والا ہے۔۔۔۔ شرافت سے بتادے امبر کہاں ہے۔۔۔ اس کو رکھنا ہے رکھ امبر میرے حوالے کردے۔۔۔۔۔

عین کی طرف اشارہ کرتا اس سے بولا نہیں جاتا لیکن پھر بھی وہ مشکل سے دھمکی دیتا ہے۔۔۔۔

جا نہیں کرتا تیرے حوالے بتا کیا کرلے گا۔۔۔۔۔

حاشم اکڑ کے اسکے سامنے کھڑا ہوتا اسکی ہمت کو للکارتا ہے۔۔۔۔۔۔پولیس کے سائرن بجنے پے حاشم اسے گریبان سے پکڑ کے اٹھاتا ہے۔۔۔۔وہ جو اپنے ساتھ لوگ لایا تھا وہ اسکا حال دیکھ آگے ہی نہیں آئے تھے۔۔۔حاشم دروازے کی طرف دیکھتا ہے۔۔جہاں سے پولیس اندر آتی ہے۔۔۔۔وہ حاشر کو انکے سامنے پھینکتا ہے۔۔۔

لے جائیں اسے یہ آدمی میرے ہی گھر گھس کے مجھے دھمکی دے رہا ہے میری بیوی کو پریشان کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

پولیس والا ایک نظر حاشر کو دیکھتا ہے جو قابل رحم حالت میں ہوتا ہے پھر اپنے حوالدار سے کہتا اسے اٹھاتا ہے۔۔۔

آپ کو بھی ہمارے ساتھ آنا ہو گا۔۔۔ف آئی آر کے لیے۔۔۔

وہ پولیس والا حاشم کو دیکھ کے بولتا ہے۔۔۔

آپ چلیں میں آرہا ہوں۔۔۔۔

پولیس والا حاشر کو لے کے باہر جانے لگتا ہے۔۔۔۔جب حاشر کی نظر گھر کے اندر آتے امبر اور ادب خان پے جاتی ہے وہ پہلی ہی نظر میں ادب خان کو پہچان جاتا ہے۔۔۔۔۔امبر اسے اور اسکی حالت دیکھ ایک دم ڈر سی جاتی ہے۔۔۔۔۔ادب خان اسکا ہاتھ مضبوطی سے پکڑتا ہے۔۔۔۔

مسٹر حاشر عالم اپنی نظریں میری بیوی سے ہٹالیں۔۔۔ورنہ جو حالت اس وقت آپ کی ہے میں اسکا لحاظ بھی نہیں کروں گا۔۔۔۔

ادب خان کی سنجیدہ آواز پے حاشر عالم۔ہنس پڑتا ہے۔۔

ہاہامیری ہی ناک کے نیچے یے سب ہوتا رہا واہ حاثم خان داد دیتا ہوں تمھیں۔۔۔۔

ہنستے ادب خان کو دیکھتا بولتا ایک دم سنجیدہ ہو کے حاثم کو دیکھتا ہے

یہ سب بہت مہنگا پڑنے والا ہے بہت مہنگا۔۔۔۔۔

حاثم کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتا ہے۔۔ایک پل کو واقعی حاثم چونکتا ہے۔۔۔۔لیکن خود پے قابو کر جاتا ہے۔۔۔۔

لے کے جاو اسے۔۔۔۔

حاثم کی بات پے پولیس اسے لے جاتی ہے۔۔۔۔۔۔ادب خان آرام سے امبر کو اپنے ساتھ لگاتا بازو سہلاتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کچھ نہیں ہو گا میں ہوں نہ۔۔۔۔

امبر اسکی تسلی پے مسکراتی ہے۔۔۔۔۔وہی حال عین کا بھی تھا حاشر کی بات ابھی تک اسکے کانوں میں گونج رہی تھی۔۔۔۔۔وہ۔ایک دم حاشم کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

وہ دوبارہ آگیا تو۔۔۔کیا کرئے گا اب وہ۔۔۔۔

خوف زدہ لہجے میں وہ حاشم سے پوچھتی ہے۔۔۔۔۔حاشم اسکے ڈر کو محسوس کرتا اسے زور سے خود میں بھینچتا ہے۔۔۔

کچھ نہیں کر سکتا وہ۔۔۔۔کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔تم ریلیکس کرو میں ابھی پولیس سٹیشن سے آیا۔۔۔۔۔

اسکا سر تھپک کے وہ ادب خان کو لیتا باہر نکل جاتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

وہ پورے راستے ماوی کی باتوں سے لطف اندوز ہوتا آیا تھا کبھی کبھی وہ کچھ ایسا کہہ دیتی کے وہ ہنستا چلا جاتا کبھی اس پے اسے پیار آتا اور کبھی وہ بس گھور کے رہ

جاتا۔۔۔۔وہ اسے اپنے سکول کے نا جانے کون کون سے قصے سنا رہی تھی۔۔۔۔صبح کے نکلے شام ہونے کو تھی وہ بس پہنچنے والے تھے 76 گھنٹے کی ڈیوینگ کے بعد وہ ایک گاوں تھا شہر سے دور جہاں تھوری ترقی ہوئی تھی لیکن زیادہ نہیں وہاں کے لوگ بہت سادہ تھے کھیتی باری کر کے گزارہ کرتے تھے۔۔۔ان کسانوں کے بچے شہر میں پڑھ لکھ رہے تھے وہاں سے پڑھنے کا حق کسی سے نہیں چھینا گیا تھا۔۔۔لڑکا ہو یا لڑکی ہر کسی کو پڑھائی کا پورا حق تھا۔۔۔اسی گاوں میں ایک جدی پشتی رئیس کبیر خان کی حویلی تھی جو 10 سال پہلے دنیا سے رخصت ہو گے تھے وہ اس گاوں کے معاملات کے لیے سرپنچ اپنے اکلوتے بیٹے حکمت خان کو بنانا چاہتے تھے لیکن وہ۔اس عہدے پے آنے سے صاف انکار کر چکے تھے انھیں اپنی نوکری بہت عزیز تھی جس کے لیے وہ شہر آ گئے تھے۔۔کچھ سال کبیر خان اس عہدے کو سمبھالتے رہے لیکن انکے جانے کے بعد وہ عہدہ خالی ہو گیا۔۔۔کوئی خیال کرنے والا نہیں تھا تو کبیر خان کی بیوی نور جہاں

نے وہ عہدہ سمبھالا گاؤں کے معاملات دیکھنے تو تھے ہی۔۔۔۔کچھ سالوں بعد وہ اس سب سے تھک ہار کر یے کام اپنی بہو نیلم خان کو سونپ گئی جو گاؤں والو کے لیے خانم بن گئی تھی کیونکہ بیٹے سے انھیں امید نہیں تھی وہ ملک کی حفاظت کا ذمہ لے بیٹھا تھا۔۔اور اپنے ساتھ ازلان حاثم کو بھی الگ الگ فیلڈ کے لیے تیار کر چکا تھا۔۔۔حاثم کی دماغ اور بزنس سینس کو دیکھتے حکمت صاحب نے اسے بزنس کا مشورہ دیا تھا۔۔۔جسے وہ دل و جان سے قبول کر گیا تھا۔۔اور ازلان کو وہ اپنے ساتھ پولیس میں لے آئے تھے۔۔۔جس پے نیلم خان (ارف خانم) کافی احتجاج کیا لیکن حکمت صاحب نے وہی کیا جو چاہتے تھے۔۔۔

جیسے جیسے گھر قریب آرہا تھا ازلان کو گھبراہٹ ہو رہی تھی وہ ماوی کو کیسے متعارف کروائے گا۔۔۔یہی سوچ رہا تھا۔۔۔ایک نظر ماوی کو دیکھتا ہے جو بچوں کی طرح خوش ہوتی باہر کھیتوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ گہری سانس لے کے رہ جاتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

[11:50 am, 18/05/2023] Afreen Blogger: وہ جلدی جلدی سڑیاں اترتی نیچھے آرہی تھی وہ گول سیڑیاں تقیریبا10۔12 تھی پوری حویلی میں مزے دار کھانوں کی خوشبو پھیلی ہوئی تھی آخری سیڑی پے کھری ہوکے وہ ایک گھری سانس لیتی اس خوشبو کو محسوس کرتی ہے جو بریانی کی تھی اور پورا گھر جانتا تھا یہ بریاں صرف ایل انسان کی پسندیدہ ہے۔۔۔۔وہ بھاگتی کچن میں جاتی ہے۔۔۔۔جہاں ایک عرت سب کو حکم دیتے خود چولہے پے کھری پتیلی میں چمچ چلارہی ہوتی ہے۔۔۔۔ڈوپٹے کو سر پے باندھے ڈھیلے سے کپڑوں میں وہ کہیں سے بھی اس گاوں کی خانم نہیں ایک ماں لگ رہی ہوتی ہے جو اپنے بیٹے کے آنے کی خوشی میں اسکی پسند کا کھانا بنانا چاہ رہی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

گلاب جامن منگوائیں ہیں۔۔۔۔

خانم کی آواز پے دروازے میں کھری حریم مسکرا جاتی ہے۔۔۔۔اور ملازمہ ایک دوسرے کا منہ دیکھتی ہیں۔۔۔

وہ خانم ہم ابھی منگواتے ہیں۔۔۔ازلان بابا کے پہنچتے آجائے گے۔۔۔۔

تو شکل کیا دیکھ رہی ہو جاو۔۔۔۔

غصے سے اسے دیکھتی ہے تو ملازمہ بھاگتی ہے وہاں سے حریم کچن کی شیلف سے ٹیک لگاتے سلاد میں سے کھیرے اٹھا کے کھاتی ہے۔۔۔۔۔

آج پتا چل رہا ہے موم کے آپکا لاڈلا بیٹا آرہا ہے۔۔۔

حریم کی بات پے وہ مسکراتی ہے۔۔۔۔

لاڈلا نہیں شرارتی والا آرہا ہے لاڈلا تو موہا بھول ہی گیا ہے۔۔۔۔یے سب تمھارے باپ کی کارستانی ہے۔۔۔میرے بچوں کو بکھیر کے رکھ دیا۔۔۔خود تو شہر میں جا کے بیٹھ ہی گئے ہیں میرے بچوں کو بھی لے گئے۔۔۔۔

حکمت صاحب کی برائی خانم کا فیورٹ ٹوپک تھا۔۔۔

حریم افسوس سے نہ میں سر ہلاتی ہے یے بات وہ کم۔از کم ہزار بار سن چکی تھی۔۔۔۔۔

دیکھ زرہ وہ روسٹ بنا تمھارا جو ہوائی مشین میں۔۔۔۔

ہے۔۔۔۔ Air fryer موم ہوائی مشین نہیں

حریم ان درست کرتی ہے۔۔۔۔

کو ہوا ہی کہتے ہیں نہ۔۔۔۔ Air تو

افففف اماں میری۔۔۔

وہ پیار سے انکے گال کھینچتی مسکرا جاتی ہے۔۔۔۔اور ہوائی مشین کی طرف جاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

بس کچھ ہی وقت میں حویلی آنے والی تھی وہ کچھ ہدایت ماوی لو بتا دینا چاہتا تھا۔۔۔ا

ماوی۔۔

اسکے پکارنے پے وہ ازلان کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

ماوی کچھ اہم باتیں ہیں جنکا تمھیں وہاں خیال رکھنا ہو گا۔۔۔۔جیسے کے وہاں تم اور میں میاں بیوی نہیں ہوں گے۔۔۔۔تو تم مجھے زیادہ نہیں بلاو گی۔۔۔نہ میرے سے چپکو گی۔۔۔۔

اسکی آخری بات ماوی اسے منہ بنا کے دیکھتی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں نہیں آپ چپکتے ہیں مجھ سے۔۔۔بار بار

ازلان مسکراتا اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہے یے۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں خیال کروں گا۔۔۔۔اور ہاں یے لو۔۔۔۔

اسے کچھ یاد آتا ہے وہ بیگ سے موبائل نکالتا اسکی طرف کرتا ہے جسے ماوی جلدی سے پکڑ لیتی ہے۔۔۔۔

اس میں میرا نمبر ہے۔۔۔۔تو وو

ابھی اسکی بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی جب ماوی کی چہکتی آواز آتی ہے۔۔۔۔

اس میں گیم ہو گی۔۔۔آپیا کا موبائل تھا میں اس میں گانے بھی سنتی تھی اور گیم بھی کھیلتی تھی۔۔۔۔اس میں ہو گی نہ۔۔۔۔اماں۔تو مجھے موبائل نہیں دلاتی تھی۔۔۔۔

موبائل کو الٹ پلٹتی وہ خوشی سے بولتی ازلان مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔واقعی اسکی اماں نے اسے دنیا سے بہت دور رکھا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس میں گیم ہے اگر کوئی تمھیں اور کرنی ہوئی تو میں کر دوں گا۔۔۔۔اس میں میرا نمبر سیو ہے تو میں کال کروں تم اٹھا لینا اب جب تک میں موم کو ہمارے نکاح کا بتا

نہیں دیتا تم اور میں اس پے ہی بات کریں گے۔۔۔اور جب میں تمھیں ملنے بلاوں آجانا۔۔اور سب کے سامنے ہم کم بات کریں گے میں نہیں چاہتا کوئی غلط سمجھے تمھیں۔۔۔اور تم بھی کم ہی بولنا کیونکہ تمھاری زبان کب پھسل جائے کچھ پتا نہیں چلتا۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

اسکے اتنی لمبی بات پے وہ صرف اتنا ہی کہتی ہے۔۔۔ازلان بس دعا ہی کرتا ہے کے وہ سمجھ گئی ہو۔۔۔

♥(◍•ᴗ•◍)♥(◍•ᴗ•◍)♥(◍•ᴗ•◍)♥(◍•ᴗ•◍)♥(◍•ᴗ•◍)

حاتم اور ادب خان پولیس سٹیشن سے واپس آتے ہیں جب امبر اور عین کو لاونج میں بیٹھے دیکھ وہیں آجاتے ہیں۔۔۔۔۔

عین انکے انتظار میں تھی انھیں آتا دیکھ ایک دم اٹھ کے حاشم کے پاس جاتی ہے۔۔۔۔۔

کیا ہوا۔۔اب باہر تو نہیں آئے گا نہ وہ۔۔۔۔

اسے ڈر تھا جو ختم ہی نہیں ہو رہا تھا وہ اس وقت صرف ایک بہن بنی ہوئی تھی۔۔۔۔امبر کو بھی ڈر تھا لیکن اسنے آگے کا سب سوچنا چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔ لیکن عین کو فکر تھی تو اپنی بہن کی جو نہ جانے کہاں تھی۔۔

باہر تو وہ آجائے گا۔۔۔

کیا مطلب باہر آجائے گا۔۔۔۔۔

ایک دم عین چینختی ہے۔۔۔۔حاشم جو تھک کے بیٹھنے والا تھا اسکے چیخنے پے حیرت سے عین کو دیکھتا ہے دوبارہ کھڑا ہوتا ہے۔۔۔امبر اور ادب خان بھی عین کو دیکھتے ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں۔۔۔۔

عین وہ کوئی قتل کا کیس نہیں ہے کے اسے عمر قید یا پھانسی ہو جائے صرف ایک لڑائی تھی وارنگ دے کے چھوڑ دیں گے۔۔۔۔۔

حاثم اسکی پریشانی سمجھتا نرمی سے بولتا ادب خان کو اشارہ کرتا ہے تو وہ امبر کو لے کے چلا جاتا ہے وہ نہیں چاہتا تھا ان کی باتیں کوئی سنن۔۔امبر پریشان ہو جاتی ہے عین کے برتاو کو دیکھ کے۔۔۔۔

اب وہ بدلہ لے گا۔۔۔میری بہن کو کب تک ڈھونڈ ہیں گے آپ۔۔۔آپ تو کہے رہے تھے جلدی ڈھونڈ لیں گے۔۔لیکن ابھی تک اسے نہیں ڈھونڈھا اوپر سے آپ اس سے لڑ کے بیٹھ گئے اب وہ نہیں چھوڑے گا آپ نے دیکھا نہیں وہ بدلے کا کہ کے گیا ہے۔۔۔سب برباد کر دے گا وہ۔۔۔۔سب برباد

www.novelsclubb.com

عین کی آواز نہ چاہتے ہوئے بھی تیز ہو جاتی ہے وہ پاگلوں کی طرح بولتی چلی جا رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔حاثم اسکے پاس جاتا ہے اسکا ہاتھ پکڑتا ہے لیکن وہ جھٹک دیتی ہے۔۔حاثم پیچھے ہو جاتا ہے۔۔

وہ کچھ نہیں کر سکے گا میں ہوں نہ

آپ کچھ نہیں کر سکیں گیں اور نہ ہی کر سکتے ہیں۔۔۔آپ سمجھتے کیوں نہیں میری بہن لاپتا ہے۔۔۔

عین غصے میں بولتی سائڈ میز پے رکھا گلاس زور سے زمین پے مارتی ہے ۔۔۔گلاس کے ٹوٹنے سے عین ایک دم ہوش میں آتی ہے وہ جو ساری باتیں اسکے سر پے سوار تھی اسکا سارا غصہ وہ حاثم پے نکال چکی تھی وہ حاثم کی طرف دیکھتی ہے جو اس ٹوٹے شیشے کے گلاس کو دیکھ ایک افسوس بھری نظر اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔

وہ بے بس ہوتا ہے جو کسی کا غصہ میں کہا ایک لفظ نہیں برداشت کرتا تھا اپنی ہی محبوب بیوی کے سامنے بے بس تھا وہ اس بے سختی کرنے کا کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔۔۔کچھ پل اسے دیکھتا وہ وہاں سے نکلتا چلا جاتا ہے اگر وہ وہاں رہتا تو وہ واقعی

عین پے غصہ کر جاتا۔۔۔۔اسکے جاتے عین اپنے سر پے بار بار ہاتھ مارتی

ہے۔۔۔۔۔

یے کیا کر دیا عین پاگل ہو گی ہے اس میں ان کا کیا قصور تھا۔۔

وہ خود کو کوستی دروازے کی طرف بھاگتی ہے لیکن حاشم کار لے کے نکل چکا ہوتا

ہے۔۔۔۔۔

سامنے بنی حویلی کو دیکھ ماوی کی آنکھیں کھلی رہ جاتی ہے۔۔

ازلان جی یے آپ کا گھر ہے۔۔۔۔

ازلان ہاں میں سر ہلاتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیسا لاگا ہے۔۔

بہت اچھا لگ رہا ہے۔۔۔یہاں کتنے کمرے ہوں گے۔۔۔۔

وہ باہر سے نظر آتی کھڑکیوں کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

ہمم تقریبا10 تک تو ہوں گے۔۔۔۔۔

ماوی اسکی بات پے خوشی سے دونوں ہاٹ آپس میں جوڑتی ہے۔۔۔۔

یہاں پے جب چھپن چھپائی کھیلنے میں کتنا مزاہ آتا ہو گا۔۔۔۔

ازلان اسکی بات پے اسے دیکھتا ہنستا ہے۔۔۔

چلو اب چھپن چھپائی کی کچھ لگتی۔۔۔۔

ازلان باہر نکلتا ہے ماوی بھی ساتھ ہی باہر آتی۔۔۔۔حویلی کے باہر کھرا گارڈر بھی خوش اخلاقی سے اس سے ملتا ہے وہ ماوی کو لے کے اندر جاتا ہے۔۔۔وہ حویلی باہر سے پرانے طرز کی تھی۔۔۔لیکن اندر سے بلکل موڈرن تھی ایک چھوٹی سی راہداری تھی جس پے کبیر خان حکمت خان کی تصویریں تھی۔۔۔وہ اندر آتے ہیں جہاں ایک خالی چھوٹا سا صحن ہوتا دونوں طرف بیٹھک تھی ایک گھر کے استعمال کی اور دوسری مہمانوں کے وہ لیفٹ سائڈ پے جاتا ہے۔۔۔ماوی بھی اسکے پیچھے پیچھے

چلتی ہے۔۔۔لاونج تھا جہاں ایک طرف سیڑیاں جا رہی تھی۔۔۔وہ گول سیڑیاں شروع میں چھوٹی اور اوپر جاتے جاتے لمبی ہوتی جا رہی تھی اسی سیڑیوں پے کھڑی اپنی بہن کو دیکھ ازلان کے ہونٹ مسکراہٹ میں ڈھلتے ہیں۔۔۔۔جو ہاتھ میں پلیٹ لیے سیڑیوں پے ہی کھڑی پکوڑے کھانے میں مصروف تھی۔۔۔۔۔

اوے ے ے بھوکر بیٹھ کے کھالے۔۔۔۔

ازلان کی مسکراتی آواز پے حریم دروازے کی طرف دیکھتی ہے اور اگلے ہی پل وہ بھاگتی ازلان کے گلے لگی ہوتی ہے۔۔۔

ازلان تم آگے اب آئے گا نہ مزاہ۔۔۔۔امی دادو ازلان آگیا ہے۔۔۔

حریم کے آواز دینے کی دیر تھی خانم کچن سے اور دادو اپنے نیچے بنے روم سے بھاہر آتی ازلان کے گلے لگتی پیار کرتی ہیں۔۔۔

اللہ یہ کیا ہوا ازلان ماتھے پے چوٹ۔۔۔

اپنی دادو سے جھک کے پیار لیتا ہے۔۔۔تو وہ فکر مندی سے بولتی ہے۔۔۔۔اس وقت وہاں مجود سب ماوی کو بھول گئے تھے۔۔۔۔۔ماوی مسکراتی انھیں دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

یہ کچھ نہیں چھوٹا سا مسلہ ہو گیا تھا بس۔۔۔۔

ازلان مسکراتا ہے۔۔۔۔

یے کون ہے۔۔۔۔۔

آخر وہ سوال آ ہی گیا تھا جس پے ازلان بچنا چاہ رہا تھا جو کہ نا ممکن تھا۔۔۔۔اور یے سوال آیا بھی خانم کی طرف سے تھا۔۔۔۔۔

وہ موم یہ ماوی ہے۔۔۔ایک کیس کے سلسیلے میں اسے میں پروڈیکٹ کر رہا ہوں اسکی جان کو خطرہ ہے اس لیے میں اسے وہاں اکیلا چھوڑ نہیں سکا تو ساتھ لے آیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیس, کیسا کیس ہے اسکا۔۔۔۔

دوبارہ سوال آتا ہے۔۔۔۔۔ازلان گڑبڑا جاتا ہے۔۔۔۔

موم اسکا شوہر اسے تنگ کرتا رہا تھا اور پھر ایک دن غصے میں طلاق دے دی جب یے اپنی ماں کے پاس گئی تو وہ اسکی طلاق کا سن کے دنیا سے رخصت ہو گئی اور تب اس کے شوہر کو پتا چلا یے لاکھوں کی جائداد کی اکیلی مالک ہے تو وہ اسکے پیچھے ہے اسلیے۔۔۔۔

ازلان اپنی طرف سے کہانی بنا کے بتاتا ہے۔۔۔وہ جو پورے راستے جو سوچتا آیا تھا وہ سب بھول گیا تھا۔۔اس وقت دماغ نے کام کرنا بلکل چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔۔وہ ایک نظر اپنی ماں کو دیکھتا ہے کے وہ مطمیئن ہوئی یا نہیں وہ اسے ہی گھور رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

لیکن پہلا کیس تو تم اسکی ماں پے کروا تنی چھوٹی لڑکی کی بھی کوئی شادی کرتا ہے ایسی بھی بھلا کیا مجبوری تھی۔۔۔اب تو گاؤں میں 18 سے اوپر لڑکی کی شادی کا رواج ہے یہ تو پھر شہر کی۔۔۔

وہ ماوی کو اوپر سے نیچے تک دیکھتی ہے نیلی لمبی فراک پہنے جو اسکے پاوں تک آ رہی تھی۔۔بلیک ڈوپٹے کو ہجاب کے طرح سے کور کیے وہ بہت چھوٹی سی لگ رہی تھی۔۔۔۔

اتنی پیاری بچی کی اس عمر میں طلاق اللہ غارک کرئے اس کے شوہر کو ظالم انسان

۔۔۔

دادی جو کب سے اسے دیکھ رہی تھی ایک دم بولتی ہیں ازلان کا اس بد دعا پے دل پہ ہاتھ جاتا ہے۔۔

ادھر آو کیا نام ہے تمھارا۔۔۔۔

خانم ایک ہاتھ آگے کرتی اسے بولاتی ہے وہ ازلان کو دیکھتی ہے اسکے سر ہلا کے ہاں کرنے پے وہ خانم کا ہاتھ پکڑتی انکے پاس جاتی ہے۔۔۔

ماوی نام ہے، میرا آپکا کیا نام ہے۔۔

اس سوال کی توقع وہ نہیں کر رہی تھی اسلیے مسکرا جاتی ہے۔۔۔

مجھے سب خانم کہتے تم بھی کہ سکتی ہو۔۔۔

خانم ہمممم بہت اچھا ہے نام آپکا مجھے پسند آیا۔۔۔۔

ازلان اسکی بات پے مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔

اور میں حریم۔ازلان کی بہن۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حریم اپنا ہاتھ آگے کرتی ہے جسے ماوی خوشی خوشی ملاتی ہے۔۔۔۔

چلو آجاو ازلان تمھارا پسند کا سب کھانا بنایا ہے۔۔۔۔

اب انکا رخ ازلان کی طرف ہوتا ہے وہ۔اپنی ماں کے گرد حصار بناتا صوفے تک جاتے ہیں۔۔۔۔۔

ویسے تیرا باپ بھی انوکھا ہے۔۔۔اسے تیرے علاوہ کوئی اور نہیں ملتا جو ساری دنیا کی عورتوں کی ذمے داری تجھے دے دیتا ہے۔۔۔۔پہلے بھی دو لڑکیاں تیرے گھر ٹھہری تھی۔۔۔وہ تو میرا بچہ اتنا اچھا ہے کسی لڑکی پے بری نظر نہیں رکھتا ورنہ آج کل کے لڑکے توبہ۔۔میں تو پہلے ڈر ہی گئی تھی کے پتا نہیں اپنی بیوی تو نہیں لے آیا۔۔۔لیکن پھر اس لڑکی کو دیکھ کے سوچا کے یے ہو ہی نہیں سکتا یے تو بہت چھوٹی ہے۔۔

ازلان انکی بات سنتا جا رہا تھا آخری بات پے اسکی مسکراہٹ غائب ہوتی ہے۔۔۔وہ ایک نظر اپنے پیچھے حریم کے ساتھ اتی ماوی کو دیکھتا سوچتا ہے۔۔۔

اماں آپ کیا جانو اس چھوٹی سی لڑکی ہی آپ کے بیٹے کے دل پے برے مزے سے راج کر رہی ہے۔۔۔۔

اپنی ہی سوچ پے وہ مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

پولیس سٹیشن سے بیل کروا کے حاشر باہر آتا ہے اور بنا کسی سے بات کیے وہ اپنی کار میں بیٹھتا نکل جاتا ہے اپنے لوگوں کو پیچھے آنے سے بھی منع کر چکا تھا۔۔۔۔

گاڑی کو دوڑاتا وہ کچھ ہی وقت میں اپنی منزل پے ہوتا ہے سامنے بنی رنگ برنگی لائٹز سے سجئے اس گھر کو دیکھتا ہے جہاں لوگوں کا آنا جانا لگا تھا۔۔۔۔رات ہونے والی تھی لوگوں لا رش لگنا شروع ہو گیا تھا۔۔۔۔وہ بنا کسی کو دیکھے اندر چلتا جاتا ہے۔۔۔۔۔عورتوں کے رش لگا تھا ہر عمر کی سجی سنوری عورتوں تھیں لیکن ایک پے بھی اسکی نظر نہیں جاتی وہاں سے نکلتا وہ ایک بڑے سے ہال میں آتا ہے۔۔۔۔وہ عورتیں اسے مڑ مڑ کے دیکھتی ہے جسکا آدھا منہ سوجا ہوا تھا۔۔۔۔۔ہال میں نظر دوڑاتا وہ ایک تخت پے بیٹھی عورت کو دیکھا اسکی طرف آ کے کھڑا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

رسیہ بیگم۔۔۔

وہ جو اپنا پان کا ڈبہ کھولے بیٹھی تھی۔۔۔ایک دم سر اٹھا کے اسے دیکھتی خوش ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔

جی آیا نواس کوٹھے کی شان بڑھا دی تو نے آ کے۔۔۔۔حاشر یہ بتا اتنے وقت بعد کیوں آیا ہے اب خیال آیا ہے تجھے ہمارا۔۔

وہ منہ موڑ جاتی ہے۔۔۔۔۔جیسے خفا ہو۔۔

رسیہ بیگم سب گڑ بر ہو گیا ہے۔۔۔۔

اسکی پریشان صورت دیکھ وہ ایک دم کھری ہوتی ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا ہوا ہے چل میرے روم میں۔۔۔۔

اسکا ہاتھ پکڑتے وہ اپنے کمرے میں لے جاتی ہے۔۔۔۔

ہ

[11:50 am, 18/05/2023] Afreen Blogger: از قلم

آفرین شبیر

#Hamnavamery

EP 18..

اپنے کمرے میں لاتے وہ اسے چھورتی ہیں۔۔۔۔

اب بول۔۔۔ کیا ہوا ہے تیرا دھندا کیسا چل رہا۔۔۔۔

حاشر انھیں ایک نظر دیکھتا پاس پڑے بیڈ پے بیٹھ کے سر ہاتھوں میں گرا لیتا ہے وہ کچھ پل ایسے ہی بیٹھا رہتا ہے پھر سر اٹھا کے رسیہ کو دیکھتا ہے جو اسکے منتظر کھری تھی

www.novelsclubb.com

آپ نے کہا تھا نہ ایک بار کے حاشر اس دنیا میں سب مہنگی چیز عورت ہے۔۔یے وہ سونے کی مرغی ہے جسے جتنا بھی استعمال کر لے یے تجھے مالا مال کرتی رہے گی۔۔

اگر کبھی بزنس کرنا ہو تو انکا کر لی۔۔۔میں نے وہی کیا لیکن آج وہ سب قیمتی چیزیں چھن گئی ہیں۔۔۔۔اب میں کیا کروں اتنی مشکل سے جال میں پھانسا تھا میں نے اب کچھ نہیں ہے۔۔

حاشر ساری بات اسے بتاتا چلا جاتا ہے۔۔۔۔اور وہ غور سے اسے سنتی ہے۔۔۔۔ ہمممم مطلب سب خراب اس لڑکے نے کیا ہے۔۔۔

وہ سوچنے والے انداز میں اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔حاشر ہاں میں سر ہلا دیتا ہے۔۔۔

تو راستے سے ہٹا کیوں نہیں دیتا۔۔

رسیہ بے زاری سے بولتی ہے حاشر ایک دم اسے دیکھتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ کوئی عام آدمی نہیں ہے۔۔۔بزنس کی دنیا میں اسکا ایک نام ہے اگر یہ پتا چلتا ہے کے اسکو مارنے میں میرا ہاتھ ہے تو میرے سے ویسے ہی سب نے پیچھے ہو جانا ہے۔۔۔۔جو ایک نام میرا بن رہا وہ بھی مٹ جانا ہے۔۔۔

سہی ہے تو فکر نہ کر لڑکیاں مجھ سے لے جا جو لینی ویسے بھی نیا مال آیا ہے۔۔۔۔دیکھ لے۔۔۔۔اور فکر نہ کر کام تیرا چلتا رہے گا جب تک رسیہ بیگم ہے۔۔۔۔۔باقی جو دشمنی اس نے مول لی ہے اسکا جواب تو منہ توڑ دیں گے ہی وہ تو مجھ پے چھوڑ دے میں دیکھ لوں گی۔۔۔۔۔

اسکے کندھے پے ہاتھ رکھتے بولتی ہے تو وہ اٹھ جاتا ہے۔۔۔۔

میں چلتا ہوں آرام کرنا چاہتا ہوں اب بہت تھک چکا ہوں۔۔۔۔۔۔

رک جا صبح چلا جائی۔۔۔۔

اسکے ساتھ وہ بھی کھڑے ہوتی بولتی ہیں۔۔

آپ کو پتا ہے ان عورتوں میں میرا دم گھٹتا ہے۔۔۔۔۔میں اپنے گھر ہی سکون سے سو سکوں گا۔۔۔۔

وہ۔وہاں کے ماحول سے بے زار ہوتا بولتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

مال دیکھ لے۔۔۔آجا پھر جو تو کہے گا کل تک پہنچادوں گی۔۔۔

رسیہ کی بات پے وہ سر ہلاتا ہے۔۔۔اسکے ساتھ باہر نکلتا ہے۔۔۔ابھی دروازہ کھلتا ہی ہے جب سامنے کھری عورت کو دیکھ دونوں کے قدم رکتے ہیں۔۔۔رسیہ ایک نظر اسے دیکھ اپنا پان سے بھرا منہ چلاتی حاشر کو دیکھتی ہے۔۔۔

میں گودام جارہی ہوں تو آجائی۔۔۔

اپنا زمیں کو چھوتا ڈوپٹہ اٹھاتی چلی جاتی ہے۔۔۔پیچھے وہ عورت اور حاشر رہ جاتا ہے۔۔۔صاف گوری رنگت جس پے ہلکا سہ میکپ کیا ہوا تھا ڈوپٹے کو سر پے لیے وہ کوئی 4540 سال کی عقرت تھی۔۔۔کچھ پل وہ اس عورت کو دیکھتا ہے۔ لیکن بولتا کچھ نہیں ہے۔۔۔باآخر وہی بولتی ہے۔۔۔

ماں سے ملے بنا ہی جارہے تھے۔۔۔اتنے وقت بعد تو آئے تھے۔۔۔

ایک افسوس بھری مسکراہٹ سے اسے دیکھتی ہے۔۔۔

بس کام سے آیا تھا آپکے پاس آنے والا تھا سارے کام کے بعد۔۔۔۔

وہ ابھی بھی اپنی ماں کی طرف نظر تک اٹھا کے نہیں دیکھ سکا تھا یا دیکھنا نہیں چاہتا تھا۔۔۔۔

حاشر۔۔۔ کیا کر رہے ہو آج کل جو کام میں نے چھوڑنے کو کہا وہ چھوڑا نہیں نہ تم نے۔۔۔۔

وہ ابھی بھی نیچے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔ وہ بے بس سی اسے دیکھتی رہ جاتی ہے۔۔۔۔

ماں کی بات کی اہمیت نہیں ہے نہ تم نے تو رسیہ بیگم کو ہی خدا مان لیا ہے اسکے نقشے قدم پہ کیوں چل رہے ہو۔۔۔۔ تم یہ بھول کیوں جاتے ہو وہ ایک خدا جو اوپر بیٹھا ہے نہ وہ تمھیں ڈھیل دے رہا ہے جب اس نے رسی کھینچی نہ تو بچھتاو گے۔۔۔۔۔

وہ اپنے بیٹے کو سمجھانے کی ایک اور کوشش کرتی ہیں۔۔۔

دے لی بد دعا اب جاوں۔

وہ تلخ لہجے میں کہتا جانے لگتا جب اسکی ماں اسکا ہاتھ پکڑتی ہے۔۔۔

مجھے لاگا تھا تو برا ہو جائے گا تو اپنی ماں کو اس جہنم سے نکال لے گا یا جو تیری ماں نے جھیلا ہے تو کسی اور عورت کو یہ سب جھیلنے نہیں دے گا لیکن میں غلط تھی ۔۔۔۔میں تجھے فرشتہ بنانا چاہتی تھی تو تو شیطان بن گیا ہے۔۔۔۔۔ڈر اللہ سے حاشر میری تو زندگی گزار گئی ہے اپنی زندگی سوار لے۔۔۔۔۔ناگناہ گار بن نہ ۔۔۔۔۔

شیطان کہے جانے پے حاشر کا دل ڈوب کے ابھرتا ہے۔۔۔۔۔

کیا شیطان۔۔۔میں شیطان ہوں نہ تو وہی ٹھیک ہوں۔۔یہ کام کر کے کم از کم دو وقت کی روٹی تو مل جاتی ہے کسی سے مانگنی تو نہیں پرتی نہ۔۔۔۔۔کسی کی تلے تو نہیں کرتا نہ۔۔۔

حاشر غصے میں اپنی ماں کو دیکھتا بولتا سر جھٹک دیتا ہے۔۔۔۔۔اسکی ماں افسوس سے اسے دیکھتی ہے وہ اسکا اکلوتا بیٹا تھا۔۔۔جسے وہ 15 سال کی عمر میں اس عذاب خانے میں لائی تھی۔۔۔۔۔اور اسے بھی کھو بیٹھی تھی۔۔۔۔۔

اللہ تجھے ہدایت دے میری دعا ہے کے تیرے دل میں اللہ کی ناراضگی کا خوف پیدا ہو جائے۔۔۔۔

وہ اسے دیکھتی دل میں اسے دعا دیتی ہے اور ایسا کیسے نہ ہوتا ماں کوئی دعا دل سے دے اور وہ اسکے بچے کو نہ لگے۔۔۔۔حاشر جو ناگواری سے اسے دیکھ رہا تھا سر جھٹک کے نکل جاتا ہے۔۔۔۔

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

ازلان اپنی ماں کے پہلو میں بیٹھا ماوٰی کو دیکھ رہا تھا حریم اس سے باتیں کرنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن ماوٰی نے ایک لفظ نہیں بولا تھا صرف مسکرا رہی تھی اور

ازلان جانتا تھا وہ اسکے منا کرنے کی وجہ سے بات نہیں کر رہی تھی ورنہ وہ پٹر پٹر اسکی شروع رہتی۔۔۔ایک یہ عادت ازلان کو اس میں بہت پیاری لگتی تھی وہ ساری باتیں مانتی تھی اسکی۔۔۔۔

اففو میں ہی کب سے بولتی جا رہی ہوں تم بھی کچھ بول لو۔۔۔۔

حریم مصنوعی غصے سے اسے دیکھتی ہے

ازلان جی نے منع کیا ہے کہ میں بات نہیں کروں۔۔

وہ سکون سے بولتی ازلان کا سکون برباد کر دیتی ہے۔۔۔

ازلان جو بہت پیار سے اسے دیکھ رہا تھا ایک دم سیدھا ہوتا ہے دادی، حریم، خانم تینوں کی نظریں ایک ساتھ ازلان کی طرف اٹھتی ہے اور ازلان کا دل ڈوب سا جاتا ہے۔۔۔۔۔

کیوں تو نے کیوں منع کیا اسے بولنے سے۔۔۔

سوال دادی کی طرف سے آتا ہے۔۔

دادی میں نے بولنے سے تو نہیں ہاں فضول بولنے سے منع کیا تھا۔۔۔یہ ویسے ہی بہت بچکانا باتیں کرتی ہے۔۔۔۔تو اسلیے۔۔۔تم بول سکتی ہو اب ماوی۔۔۔

ازلان مصنوعی مسکراتا دانت پیستا اسے اجازت دیتا ہے جس پے ماوی کا چہرہ کھل سا جاتا ہے۔۔

یہ کیا بات ہوئی وہ جیسی ہے ویسی ہی باتیں کرے گی نہ۔۔۔۔اور مجھے ابھی بھی غصے اسکی ماں پے آرہا ہے زرا خیال نہیں آیا پھول جیسی بچی کی شادی کر دی۔۔۔۔

خانم کی بات پے ماوی ایک دم بولتی ہے۔۔۔۔اجازت جو مل گئی تھی بولنے ۔۔۔ 😁 کی

www.novelsclubb.com

لیکن میری اماں نے تو شادی نہیں کروائی۔۔۔

اب جھٹکا دادی اور خانم دونوں کو لگتا ہے۔۔۔۔

تو کیا خود شادی کی ہے بھاگ کے۔۔۔۔

یہ سوال حریم کا ہوتا ہے اسکے لہجے میں تجسس ہوتا ہے۔۔۔۔۔

نہیں بھاگ کے تو نہیں بیٹھ کے ہی ہے۔۔۔۔

وہ اپنی معصومیت سے بولتی ہے۔۔۔۔اور اس وقت ازلان کو اسکی معصومیت خطرہ کی گھنٹی لگ رہی تھی۔۔۔۔

ازلان کا ہاتھ بے اختیار اٹھتا ہے اور اپنے ماتھے پے پڑتا ہے۔۔۔۔۔۔

تجھے شرم نہیں آئی۔۔۔

دادی غصے سے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور وہ سامنے بیٹی سب چیزوں سے انجان برے پر سکون انداز میں نہیں میں سر ہلا دیتی ہے۔۔۔

نہیں۔۔۔۔

دادی خانم حریم تینوں کے منہ کھلے رہ جاتے

ے ہیں۔۔۔

ازلان یہ کیا کہ رہی ہے۔۔۔۔

خانم کا رخ اب ازلان کی طرف ہوتا ہے۔۔۔۔

موم وہ ایسے ہی بول رہی اس کے شوہر نے اسی معصومیت کا فائدہ اٹھاتے اس سے نکاح کیا تھا۔۔۔۔بھاگا کے۔۔۔تو۔۔۔۔ارے واہ گلاب جامن۔۔۔۔میں اتنی دیر سے آیا ہوں یے یہ اب کیوں آرہے ہین۔۔۔۔

اچانک ازلان بات کا رخ بدلتا۔۔۔۔سب کی توجہ گلاب جامن کی طرف جاتی ہے جو مازمہ ٹرے میں لے کے آرہی ہوتی ہے۔۔۔حریم کھڑے ہوتی ٹرے ہاتھ میں لیتی ازلان کی طرف آتی ہے۔۔۔۔

یہ لو سپیشل موم نے تمھارے لیے مانگوائی ہے۔۔۔

ازلان مسکراتا ایک پیالا اٹھالیتا ہے۔۔۔۔پھر حریم۔سب کو دیتی ماوی کی طرف آتی ہے اور ٹرے اسکے سامنے کرتی ہے۔۔۔۔

کیا میں 2 لے لوں۔۔۔

دو انگلیاں اٹھا کے پوچھتی ہے حریم مسکراتی ہے۔۔۔۔

تم 43 بھی لے سکتی ہو۔۔۔ہمارے پاس اور ہیں۔۔۔جتنا دل کرئے لے لو۔۔۔۔

واقعی۔۔۔پھر میں کل بھی کھاوں گی مجھے یہ مٹھائی بہت پسند ہے۔۔۔۔۔

وہ خوشی سے چہک جاتی ہے۔۔۔۔حریم اسکے گال کھینچتی اسکے پاس ہی بیٹھ جاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تبھی میں کہوں تم اتنی میٹھی کیوں ہو۔۔۔۔

حریم اسے چھیرتی اسکے گالوں کو چومتی ہے اور ازلان حریم کو دیکھ منہ بناتا دل ہی دل میں دھائی دیتا ہے۔۔۔۔

ہائے مجھے بھی اپنے کپ کیک کو پیار کرنا ہے لیکن یے ظالم۔سماج۔۔

وہ سب کو دیکھتا اپنے دل پے پتھر رکھتا وہی بیٹھا رہتا ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

حاثم بے مقصد کار سڑک پے چلا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔اسے باہر نکلے 3 گھنٹے ہو گے تھے۔۔۔اور اس وقت سے اسکے دماغ میں الگ جنگ لگی ہوئی تھی۔۔پورے 3 گھنٹے بعد وہ گھر کی دھیلز سے اندر آیا تھا اور عین کو اپنے انتظار میں وہی پایا تھا۔۔۔۔ دروازے سے تھورے فاصلے پے وہ ادھر سے ادھر چکر لگاتی کچھ بے چین سی تھی ایک دم نظر اٹھا کے وہ دروازے کی طرف دیکھتی ہے جو وہ پیچھلے 3 گھنٹے سے کر رہی تھی بار بار دروازے کی طرف دیکھنا۔۔۔وہاں حاثم کو کھرے دیکھ اسکی جان میں جان آتی ہے بھاگتے ہوئے وہ اسکے پاس جاتی ہے۔۔۔۔جب حاثم اسکی سائڈ سے نکلتا آگے بھڑ جاتا ہے۔۔۔۔۔

عین کو لگتا ہے کسی نے اسکا دل مٹھی میں لے کے پسیج دیا ہو۔۔۔۔وہ دوبارہ اسے پیچھے بھاگتی ہے۔۔

آپ کہاں چلے گئے تھے۔۔۔۔

حاثم بنا کوئی جواب دیے سیڑیاں چلنے لگ جاتا ہے۔۔۔۔

آپ کھانا کھائیں گے نہ میں لگاوں۔۔۔۔

اب خوش اخلاقی سے پوچھتی ہے۔۔۔۔

مجھے بھوک نہیں ہے۔۔۔۔

عین کا چہرہ اتر جاتا ہے وہ یہ نہیں کہ سکی تھی کے میں تو بھوکی ہوں نہ۔۔۔۔وہی کھڑی وہ اسے روم میں جاتا دیکھتی رہتی ہے۔۔۔اسنے خود اسے ناراض کیا تھا تو منانہ بھی اسے تھا۔۔۔جو کے بہت مشکل لگ رہا تھا۔۔۔وہ ماوٗی نہیں تھا جس تھورا سا

www.novelsclubb.com

بچکار دیا جائے پسند کی چیز دے دی جائے تو وہ مان. جائے۔۔۔۔بے اختیار اسکی آنکھیں بھیگ جاتی ہیں۔۔۔آنکھیں صاف کرتی وہ اوپر جاتی ہے۔۔۔۔۔

روم میں داخل ہوتے اسکی نظر حاثم پے جاتی ہے۔۔۔جو بیڈ پے لیٹ چکا تھا ۔۔۔۔شوز اور کوٹ جو اسنے اتارا تھا عین اسے انکی جگہ پی رکھتی حاثم کے پاس کھری کچھ وقت ایسے ہی دیکھتی رہتی ہے۔۔۔۔۔اسے سمجھ نہیں آتی بات کیسے کرے۔۔۔۔اسے اپنی حالت پے رونا آتا ہے۔۔۔۔۔۔

میں جانتی ہوں آپ جاگ رہے ہیں۔۔۔۔

حاثم کی طرف سے کوئی جواب نہیں آتا۔۔۔۔

آپ نے تو کہا تھا آپ محبت کرتے ہیں مجھ سے۔۔۔۔۔کیا بس اتنی ہی محبت تھی آپکو کہ ایک بار میں نے اپنا حواس کھوئے اور آپ نے مجھ سے منہ موڑ لیا۔۔۔۔

اسکی آواز آہستہ تھی لیکن اتنی بھی نہیں کے حاثم سن نہ سکتا ایک دم وہ ہاتھ ہٹا کے اسے دیکھتا ہے۔۔۔ مشکل سے خود کو رونے سے روکے وہ ہاتھوں کو مسل رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔ حاثم سیدھا ہوتا اسے گود میں بیٹھاتا اسکا سر اپنے سینے سے لگاتا ہے۔۔۔ اسکی توجہ ملنے کی دیر تھی وہ جو بھری بیٹھی تھی ایک دم زار و قطار رو پرتی ہے۔۔۔۔۔

آپ بدل گئے ہو۔۔۔۔ وہ بھی صرف ایک ہفتے میں۔۔۔۔

نروٹھے پن سے بولتے شکوا کرتی ہے حاثم بیڈ سے ٹیک لاگاتا ہے۔۔۔۔

سچ کہتے ہیں جب محبت مل جائے نہ پھر قدر نہیں رہتی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ایک اور شکوہ آتا ہے۔۔۔۔

اب یے الزام ہے مجھ معصوم پے۔۔۔۔

حاثم احتجاج کرتا ہے وہ سر اٹھا کے اسے دیکھتی ہے۔۔۔

الزام نہیں ہے سچ۔۔

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا چہرے پے بکھرے بالوں کو پیچھے کرتا ہے۔۔۔۔

میں تو اس بات پے شکر کر رہا ہوں کے وہ گلاس تم۔نے زمیں پے مارا اگر میرے سر پے مار دیتی تو کیا عزت رہ جاتی میری۔۔۔۔

حاثم اپنی بات پے قہقہ لگاتا ہے۔۔۔۔۔لیکن عین شرمندہ ہو جاتی ہے۔۔۔۔

مجھے نہیں سمجھ آ رہی مجھے کیا ہو گیا تھا۔۔۔شاید اسکی باتوں کو میں نے خود پے سوار کر لیا تھا اور یے سب ہو گیا سوری۔۔۔۔۔مجھے ایسے نہیں کرنا تھا میں کبھی اتنا غصہ نہیں کرتی ہوں۔۔۔آپ اب بھی ناراض ہیں کیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

عین شرمندہ سی بولتی ہے حاثم مسکراتا ہے۔۔۔

ناراض تو تھا میں اسکی وجہ تمھارا چلانا نہیں تھا۔۔ تمھارا میرے اوپر اعتبار نہ ہونا تھا ۔۔۔۔میں تمھارا اعتبار نہیں جیت سکا نہ ابھی تک۔۔۔

حاثم اسکے ہاتھوں کی انگلیوں کا اپنی انگلیوں میں الجھاتا ہے۔۔۔۔عین پھر شرمندہ ہوتی ہے۔۔۔۔

ایسی بات نہیں ہے۔۔۔۔مجھے یقین ہے آپ پر۔۔۔اس وقت میں غصے میں تھی۔۔۔۔

بعض اوقات انسان غصے میں ہی سچ بولتا ہے۔۔۔۔

عین سر اٹھا کے اسے دیکھتی ہے۔۔

تم نے اپنے شوہر کو نکما ہی سمجھ لیا ہے۔۔۔ہے نہ۔۔۔جو کچھ نہیں کر سکتا۔۔۔

حاثم اسکی اانکھوں میں دیکھ شکوہ کرتا ہے۔۔۔۔عین نظر جھکا لیتی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ طاقتور ہے اور برا بھی۔۔۔اور جو برا انسان ہوتا ہے وہ، وہ کچھ بھی کر سکتا ہے جو ہم سوچ بھی نہیں سکتے۔۔۔۔جب اسنے مجھ سے میری ماں چھین لی تو اگر آپ کو

کچھ ہو گیا تو۔۔۔میں ڈرتی ہوں اس سب سے۔۔۔ابھی تک اپنی بہن سے نہیں ملی وہ نا جانے کیسی ہو گی کہاں ہو گی۔۔۔۔ماں کو کھو چکی ہوں۔۔۔۔۔

وہ روتے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

برائی جتنی بھی طاقتور کیوں نہ ہو اچھائی کے آگے بہت کمزور ہے۔۔۔۔اور ایک بات یاد رکھنا تمھارا شوہر کوئی عام انسان نہیں ہے ایک نام ہے میرا تو تمھیں اس دو نمبر لوگوں سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔جب تک میں ہوں تمھارے پاس۔۔۔میرے ہوتے کسی بھی قسم کی ٹینشن لینے کی تمھیں بلکل ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔تم صرف مجھے سوچو اور کسی کو نہیں۔۔۔۔سمجھی۔۔

وہ سنجیدگی سے بولتا ہے اسکے ہاتھ کی ہتیلی کو سہلاتا ہے۔۔۔۔

مطلب آپ اب خفا نہیں ہیں نہ۔۔۔۔

تھوڑا سا۔۔۔

۔۔۔۔اسکی بات پے عین جھٹکے سے اٹھتی ہے۔۔۔

ابھی تک۔۔اچھا چلو ٹھیک ہے میں کیسے مناوں آپ کو پھر۔۔۔۔

یہ تو تم جانو۔۔۔وہ کندھے اچکا دیتا ہے۔۔۔اب وہ اسے تنگ کرنے کے موڈ میں آگیا تھا۔۔۔۔غصہ ناراضگی تو اسی وقت ہی ختم ہو گی تھی جب وہ اسکے انتظار میں کھڑی نظر آئی تھی۔۔۔۔

آپ اگر ماؤی کی طرح ہوتے تو میں آپ کو گلے لگاتی آپ کے گال چومتی اور ایک چاکلیٹ دیتی کیونکہ وہ اگثر ایسے مان جاتی تھی۔۔۔۔

عین سوچنے والے انداز میں بولتی ہے۔۔۔

بس چوکلیٹ والا اوپشن چھوڑ کے باقی سب تم میرے ساتھ بھی کر سکتی ہو ہو سکتا ہے میں مان جاوں۔

عین اسے دیکھتی ہے اسکی چلاکی پے ایک ہاتھ اسکے. بازو پے مارتی ہے۔۔۔۔۔

ایسا کچھ نہیں کرنے والی میں وہ بچی تھی آپ کوئی بچے ہیں اور میں کھانا لا رہی ہوں

چپ چاپ کھانا کھائیں۔۔۔اور اچھے لوگوں کی طرح سو جائیں۔۔۔

وہ کہتی دروازے کی طرف جاتی ہے جب پیچھے سے حاشر کی آواز آتی ہے۔۔۔۔۔

منا کے تو جاو۔۔۔۔میں ابھی مانہ نہیں ہوں۔۔۔۔

وہ منہ بنا کہ بولتا ہے عین مڑ کے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

آپ کھانا کھائیں اسکے بعد مناتی ہوں آپ کو میں۔۔۔

اپنی بہن کے طریقے سے۔۔۔

حاشم شرارتی انداز میں پوچھتا ہے عین آنکھیں چھوٹی کرتے اسے دیکھتی اپنے ہتیلی کو مکے کی طرح بنا کے دوسرے ہاتھ میں مارتی ہے

نہیں آپنے طریقے سے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

عین کی بات اور حرکت پے حاشم ہنستا چلا جاتا ہے اور وہ اسے ہنستا دیکھ مسکراتی باہر نکل جاتی ہے۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

یہ دیکھ آجا کل ہی کچھ لڑکیاں آئی ہیں۔۔۔۔تو دیکھ لے۔۔۔۔

رسیہ پان والا منہ چلاتی حاشر کے ساتھ گودام میں جاتی ہے دروازہ کھلتے ہی اسے ڈری سہمی لڑکیاں نظر آتی ہے۔۔۔۔5 کے قریب لڑکیاں تھی جو لائن سے ایک دوسرے کے ساتھ لگ کے بیٹھی تھی۔۔۔۔

حاشر کو اور رسیہ کو دیکھ وہ اور ڈر جاتی ہیں۔۔۔۔حاشر ایک نظر سب کو دیکھتا ہے۔۔۔سب کی عمر 18 سے 24 کے درمیان تھی وہ ایک پر سوچ نظر سب لڑکیوں میں ڈالتا ہے اور سوچتا ہے اسکی نظر سب سے ہوتی ایک لڑکی پہ جاتی ہے۔۔۔۔۔

کالے رنگ کا برقعہ میں سر کو ڈوپٹے سے کور کیے وہ بکل خاموش بیٹھی ہوتی ہے نہ کسی قسم کا ڈر ہوتا ہے نہ کوئی جھجھک۔۔۔۔

یہ لڑکی بھیج دینا۔۔۔۔اور یہ بھی۔۔۔

حاشر اسکی طرف اشارہ کرتا ہے۔۔۔۔اور ایک اور لڑکی کی طرف اشارہ کرتا ہے وہ لڑکیاں اسے اپنے کلائنٹس کے لیے سہی لگی تھی۔۔۔۔۔۔

چل کل تک آجائیں گی یہ۔۔۔۔۔

رسیہ ان دونوں کو دیکھتی بولتی ہے۔۔۔۔۔دوسری لڑکی ڈر گئی تھی لیکن برقعے والی کے چہرے پے ابھی بھی کوئی خوف نہیں تھا۔۔۔جو حاشر کو کافی کھٹکتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ کچھ باتوں کے بعد وہاں سے نکل جاتا ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

(

اب میں آرام کروں گا بہت تھک گیا ہوں۔۔۔۔

ازلان کھانا کھاتا اٹھ جاتا ہے۔۔۔ایک نظر ماوٰی کو دیکھتا ہے جو ابھی تک وہاں رکھے کھانے سے انصاف کرنے میں مصروف ہوتی ہے۔۔۔۔

حریم تم ماوٰی کو گیسٹ روم میں چھوڑ دینا۔۔۔وہ بھی آرام کر لے گی۔۔۔ٹھیک ہے ماوٰی۔۔

ازلان حریم سے کہتا ماوٰی کو دیکھتا ہے جو اسے دیکھتی سر ہاں میں ہلاتی ہے۔۔۔۔

نہیں نہیں حریم کے ساتھ ہی رہے گی اکیلے روم میں کیسے رہے گی بھلا وہ۔۔۔

خانم ازلان کے جانے سے پہلے بولتی ہے ازلان جھٹکے سے اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔

نہیں موم حریم کو کیوں پریشان کرنا ہے وہ رہ لے گی۔۔۔کیوں ماوی۔۔۔

ازلان پریشان ہی ہو جاتا ہے اگر وہ حریم کے روم میں رہے گی تو ازلان جو سب کے سو جانے کے بعد اسکے پاس جانے کا سوچے بیٹھا تھا وہ تو ممکن ہی نہیں تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔

ماوی جلدی سر ہلاتی ہے۔۔۔۔

بسسس دیکھا وہ رہ لے گی۔۔۔۔۔

ازلان جلدی سے بولتا صوفے پے پڑا ماوی کا سامان اٹھاتا ہے۔۔۔۔۔

میں خود ہی چھوڑ آتا ہوں اسے۔۔۔۔چلو ماوی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی جو ایک اور روٹی اٹھانے لگی تھی ازلان کی بات پہ منہ بنا کے کبھی روٹی کو دیکھتی ہے کبھی ازلان کو۔۔۔۔

چلووو بھی۔۔۔۔

ازلان اسے آنکھیں دیکھاتا ہے وہ پانی پیتی کھری ہوتی ہے۔۔۔۔خانم اور دادی تو ازلان کے تیور دیکھتی رہ جاتی ہے جو بے چین ہی ہو گیا تھا تھوری سی دیر میں۔۔۔۔ازلان ماوی کے قریب آتے اوپر چل پرتا ہے ماوی ہاتھ اٹھا کے مسکراتی کرتی ہے جیسے وہ روم۔میں نہیں گھر سے باہر جا رہی ہو bye bye سب کو ۔۔۔۔حریم اسکی حرکت پے مسکراتی ہے۔۔۔۔۔

ازلان اسے روم میں چھورتا بنا کچھ کہے وہاں سے چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔اسکے جاتے وہ روم کو دیکھتی ہے۔۔۔وہاں ضرورت کی ہر چیز تھی۔۔۔۔ماوی کمرے کی ساری لائٹ جلا دیتی ہے۔۔۔۔اسکے موبائل پے کال آتی ہے جسے وہ جلدی سے اٹھاتی ہے۔۔۔۔جیسے اسکے ہی کال کا انتظار کر رہی ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ازلان جی۔۔۔۔میں اکیلی نہیں سو سکتی نہ۔۔۔۔مجھے ڈر لگتا ہے۔۔۔۔میں حریم۔آپی کے پاس چلی جاوں۔۔۔۔

ماوی کی معصومیت بھری آواز سن کے وہ گہری سانس لیتا ہے۔۔۔۔۔

ماوی میری جان میں تھوری دیر تک آتا ہوں تمھارے پاس۔۔جب سب سو جائیں گے۔۔۔

ازلان جی کتنا مزا آئے گا نہ اس چھپن چھپائی میں۔۔۔۔

ماوی کی چہکتی آواز پہ ازلان موبائل کو گھورتا ہے۔۔۔۔

یہاں میری بینڈ بجی اسے مزے کی پڑی ہے۔۔۔۔

وہ صرف سوچتا ہے۔۔۔کال کاٹ دیتا ہے۔۔۔

تھوری دیر میں سب کے سونے کا یقین کرتے وہ ماوی کے روم کے باہر ہوتا ایک نظر دوبارہ ساری جگہ کو دیکھتا دروازہ کھولتا اندر جاتا ہے سارا کمرا روشن تھا اور وہ سامنے بیٹھی موبائل میں مسکراتے کچھ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔ازلان کو اندر آتا دیکھ موبائل چھور جلدی سے بیڈ پے کھری ہوتی مسکرا جاتی ہے۔۔۔۔۔ازلان اندر آتا

سکون کو سانس لیتا ہے۔۔۔اور سامنے کھڑی ماوٰی کو دیکھ مسکراتا ہے۔۔۔ماوٰی اپنے مخصوص انداز میں اچھلی موبائل پکڑتے ازلان کے پاس جاتی ہے۔۔۔

ازلان جی یے دیکھیں یہ کتنے پیارے ہیں نہ۔۔۔

وہ موبائل میں کوئی بچوں کی ویڈیو تھی 21 ماہ کے بچے۔۔۔ازلان اسے اپنے ساتھ لاگاتا ہے۔۔۔۔

ہاں بہت پیارے ہیں بلکل میرے بے بی کی طرح

اسکے گالوں پے پیار کرتا ہے ماوٰی مسکرا جاتی ہے۔۔۔

میں پیاری ہوں۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں بہت۔۔۔وہ اسکے دونوں گال کھینچتا ہے۔۔

چلو اب سو جاو تھکی نہیں تم کیا۔۔۔۔

اسے بیڈ تک لاتے وہ اسے لیٹاتا ہے۔۔۔۔۔موبائل لے کے سائڈ پے رکھتا ہے

روم کے ساری لائٹ بند کرتا ہے خود بھی لیٹ جاتا ہے۔۔۔۔روم میں صرف ایک

لیمپ کی ہلکی سی روشنی تھی۔۔۔۔

ازلان جی۔۔۔۔

ہمممم۔

ایک بات پوچھنی تھی۔۔۔۔

پوچھو۔۔۔۔

اسکے ہاتھ کی ہتیلی کو روشنی میں دیکھتے وہ بولتی ہے۔۔۔

آپ اپنی اماں سے جھوٹ کیوں بول رہے ہیں۔۔۔۔ جھوٹ بولنا تو گندہ ہوتا ہے

نہ۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ اپنے دل میں آئے سوال کو ازلان تک پہنچاتی ہے ازلان ایک دم اٹھتا اسکی طرف کروٹ لیتا ہے۔۔۔۔وہ نا سمجھی سے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

یہ تو سچ ہے جھوٹ بولنا برا ہوتا ہے ہمیں بولنا بھی نہیں چاہیے اور میں موم سے جھوٹ نہیں بول رہا بس چھپا رہا ہوں۔۔۔۔

میں موم کو آج کل میں بتا دوں گا ہمارا رشتہ یا حریم کی شادی کے بعد۔۔۔۔۔کیونکہ میری موم غصے کی تیز ہیں۔۔۔۔ہو سکتا ہے یہ بات سامنے آتے وہ مجھے نکال دیں گھر سے یا پوری شادی میں میرے سے بات تک نہ کریں۔۔۔۔اور میں نہیں چاہتا کہ حریم کی شادی میں کوئی پریشانی آئے۔۔۔۔

میں چاہتا ہوں ڈیڈ یا حاثم بھائی آجائیں تا کے میرے طرف تھوری سپورٹ ہو۔۔۔۔جب وہ اگئے تو میں بتا دوں گا۔۔۔

اسکے گال سہلاتا وہ بولتا ہے۔۔۔۔

وہ مارتی ہیں۔۔۔ماؤی حیرت سے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

ہاں جب کوئی انھیں غصہ دلاتا ہے۔۔۔۔کیا تم چاہو گی تمھارے ازلان جی کو مار پڑے۔۔۔

ماوں نہ میں سر ہلاتی ہے۔۔۔۔ازلان مسکرا جاتا ہے۔۔۔

اب سو جاو۔۔۔

اسکا ماتھا پے پیار کرتا وہ لیٹ جاتا ہے۔۔۔۔

از قلم [11:51 am, 18/05/2023] Afreen Blogger:

آفرین شبیر

www.novelsclubb.com

#Hamnavamery

EP.19..

ممی ہم کہاں جا رہے ہیں۔۔۔اپنے گھر چلیں نہ ممی۔

وہ 15 سالہ لڑکا جو جسامت سے 98 سال کا کمزور سا بچہ لگ رہا تھا۔۔۔اپنی ماں کا ہاتھ پکڑے چلتا جا رہا تھا اور اسکی ماں اپنے آنسو بہاتی چلتی جا رہی تھی۔۔۔ نہیں جانتی تھی وہ کے اسے کہاں جانا ہے کیا کرنا ہے بس کسی نے بتایا تھا کے اس جگہ کام ملے گا، اور رہنے کے لیے جگہ بھی۔۔۔۔1 ہفتے سے وہ دربدر سڑکوں پے پھر رہی تھی۔۔۔

ماں باپ تھے نہیں سسرال نے شوہر کے مرتے آنکھیں پھیر لی تھی۔۔۔شوہر تھا تو اسے کسی چیز کی فکر نہیں تھی۔۔

ممی ہم کہاں جا رہے ہیں۔۔۔مجھے بھوک لگی ہے۔۔۔

وہ مسلسل بولتا جا رہا تھا اور وہ اس پہ بس آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔کچھ فاصلے پہ اسے وہ جگہ نظر آجاتی ہے۔۔۔۔دن کا وقت ہوتا ہے اسلیے لوگوں کا ہجوم نہیں تھا وہ اندر چلی جاتی ہے اسے نہیں پتا تھا یہ کون سی جگہ ہے۔۔۔۔۔کچھ عورتیں صحن میں ناچ گانا کرنے میں مصروف ہوتی ہے۔۔۔۔کچھ بیٹھی ہنسی مزاق کر رہی ہوتی

ہے۔۔۔وہ سب کو ایک نظر دیکھتی۔۔۔تخت پے بیٹھی عورت کو دیکھتی وہ 35 سال کی عورت سب کو حکم۔دے رہی ہوتی ہے۔۔۔وہ ہچکچاتے اس عورت کے پاس آتی ہے۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔

اسکے سلام کرنے پے سب اسکی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔۔۔وہ بچہ اتنے عورتوں کو دیکھ ماں کے پہلو میں چھپ ہی جاتا ہے۔۔۔۔

و علیکم اسلام کون ہو بھئی تم۔۔۔

پان والا منہ چلاتے وہ پوچھتی ہے۔۔۔۔۔

کیا بات ہے رسیہ بیگم اس دھندے میں عورتوں کو مجبور کر کے لاتا پرتا تھا اب تو عورتیں خود چل کے آ رہی ہیں۔۔۔

ایک عورت اسے دیکھ کے مزاق اراتی ہے جس پے سب ہنس پرتے ہیں۔۔۔۔وہ شرمندہ ہوتی ہے۔۔۔۔

نہیں جی میں اس لیے۔۔وہ مجھے ندیم بھائی نے۔۔۔

ابھی اسکی بات بھی پوری نہیں ہوئی تھی جب وہ عورت دوبارہ اپنی ٹانگ اراتی ہے۔۔۔۔۔

اووو بیبی یہاں مردوں کو بھائی نہیں بنایا جاتا۔۔۔۔

سب دوبارہ ہنس پرتے ہیں۔۔۔۔وہ اب بلکل چپ ہی ہو جاتی ہے۔۔۔۔اور اپنے بیٹے کو زور سے اپنے ساتھ لاگاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بس کرو تم سب۔۔۔ہاں تو بول کیا کام ہے۔۔۔

رسیہ سب کو چپ کرواکے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

میرا نام راحت ہے۔۔۔مجھے کام چاہیے تھا میں سارے گھر کا کام کر لوں گی۔۔۔کھانہ بھی بنالوں گی۔۔۔۔۔دیکھیں میں بہت مجبور ہوں۔۔۔۔مجھے ندیم بھائی نے کہا تھا آپ کو کسی کام والی کی ضرورت ہے۔۔۔۔

رسیہ اسکے ساتھ کھرے بچے کو دیکھتی ہے۔۔۔

تیرا بچہ ہے۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔

کیا نام ہء۔۔۔۔وہ اسے دیکھتی نام پوچھتی ہے۔۔۔

حاشر عالم۔۔

www.novelsclubb.com

ادھر آا۔۔۔۔۔وہ اسے اپنے طرف بلاتی ہے۔۔۔۔جس پے حاشر نہ میں سر ہلاتا ہے۔۔۔۔۔تو وہ۔اسکا ہاتھ پکڑتی اسے اپنے ساتھ بیٹھا لیتی ہے۔۔۔۔وہ اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہتا ہے لیک. گرفت مضبوط ہوتی ہے۔۔

برا ہی پیارا بچہ ہے۔۔۔۔

اسکے سر پے ہاتھ پھیرتی ہے۔۔۔۔کام جو تو مانگ رہی وہ تو نہیں ہے۔۔۔البتہ۔۔۔۔

وہ ایک دم کھڑی ہوتی اسکے پاس آتی اسے اوپر سے نیچے تک دیکھتی اسکے سر پے ہاتھ پھرتی ڈوپٹے کو سر کا دیتی ہیں۔۔۔۔

یہ جو اللہ نے تجھے حسن دیا اسے استعمال کر سکتی ہے۔۔۔۔کافی مالا مال ہو جائے گی ۔۔۔گھر کھانا تیرے بیٹے کی تعلیم اسکے آخراجات سب پورے کروں گی میں بس ان عورتوں کی طرح تجھے بھی۔۔۔۔

نہیں بلکل نہیں اتنی مجبور نہیں ہوئی ہوں ابھی کے پیٹ کے خاطر سر کی چادر اتار کے پھینک دوں۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک دم چیختی ہے۔حاشر کا ہاتھ پکڑتی ہے۔۔۔۔سب عورتیں اسے دیکھنے کھڑی ہو جاتی ہیں۔۔۔

ہمیں آنا ہی نہیں چاہیے تھا۔۔۔اگر مجھے پتا ہوتا یہ ایسی جگہ میں کبھی مر کے بھی نہیں آتی۔۔۔

حاشر کو لے کے وہ باہر تک چلتی ہے۔۔۔جب پیچھے سے قہقے کی آواز آتی ہے۔۔۔۔

تجھے کیا لگتا ہے تو آرام سے چلی جائے گی۔۔۔۔

رسیہ کی آواز پہ وہ سامنے دیکھتی ہے جہاں 43 آدمی کھڑے ہوتے ہیں جن میں وہ بھی انسان ہوتا ہے جو اسے یہاں لایا تھا۔۔۔چہرے پہ خباثت لیے اسے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔

ایک دم ہی اسے لگتا ہے وہ غلط جگہ پھنس گئی ہے اسکا دم گھٹنا شروع ہوتا ہے۔۔۔ان سب کو دیکھ وہ حاشر کو سختی سے اپنے ساتھ لگاتی ہے۔۔۔۔

ایسا نہیں کرو ایک عزت ہی ہے میرے پاس۔۔۔

وہ روتے رسیہ سے منت کرتی ہے۔۔۔۔حاشر اپنی ماں کو روتا دیکھ غصے سے سب کو گھورتا ہے۔۔۔۔

ممی یہ آپکو پریشان کر رہے ہیں نہ۔۔۔

انھیں دیکھ وہ اپنی ماں سے پوچھتا ہے۔۔۔۔رسیہ ہنستے اسکے پاس آتی ہے۔۔۔۔

پریشان تو نہیں کر رہے بس تیری ماں کو کام بتا رہے ہیں تاکہ وہ پیسہ کما سکے۔۔۔۔کیا تو پیسہ کمانا نہیں چاہتا۔بھوک لگی ہے نہ تجھے۔۔۔

حاشر سر ہاں میں ہلاتا ہے۔۔۔رسیہ ہنستی رحمت کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

ایسے ہی تو خوار ہو رہی ہے کام ڈھونڈھنے میں۔۔جب کہ خود تو اتنی قیمتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اپنی قیمت کو پہچان اور استعمال کر خود کو اور کما لے پیسہ۔۔۔یہاں سے نکل تو اب تو سکتی نہیں ہے۔۔۔کیونکہ رسیہ کو بھا گئی ہے تو میرے خریدار تو تیرے دیوانے ہو جائیں گے۔۔۔

رسیہ اسے دیکھتی ہے جو ڈری سہمی ساری جگہ دیکھ رہی ہوتی وہاں موجود عورتیں دلچسپی سے اسے دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

پلیز جانے دو

وہ روتے اسکے سامنے ہاتھ جوڑتی ہے۔۔۔۔

تو ایسے نہیں مانے گی۔۔۔۔رسیہ صرف ایک دفعہ نرمی کرتی ہے۔۔۔۔

رسیہ کو اسکا بار بار جانے دو کہنا غصہ دلا دیتا ہے۔۔۔۔وہ اپنے آدمیوں کو اشارہ کرتی ہے۔۔۔۔وہ رحمت کو کھینچتے ہیں۔۔۔۔

ممی ممی کہاں لے جا رہے ہو ممی کو چھوڑو۔۔۔۔ ممی

www.novelsclubb.com

وہ اپنی ماں کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑتا ہے۔۔۔۔لیکن وہ ہاتھ چھوٹ جاتا ہے۔۔۔۔۔

ایک دم حاشر ہوش میں آتا چیختا ہے۔۔۔۔

ممییییی۔۔۔۔

وہ جو کب سے وہاں بیٹھا سوچ میں گم تھا ماں سے ملنے کے بعد ہی اسے بے چینی نے گھیر لیا تھا پرانی زخم پھر تازہ ہو گئے تھے اپنی ماں کو غیر لوگوں کے ساتھ دیکھتے اسکا دل چیر جاتا تھا پہلے پہل تو اسے کچھ نہیں پتا تھا جیسے جیسے وہ سب سمجھتا گیا وہ ماں سے دور ہوتا گیا۔۔۔اسے پتا ہی نہیں چلا کب رات سے صبح ہو گئی تھی وہ ایک پل کو نہیں سویا تھا۔۔اپنی ماں کو یاد کرتا وہ سر ہاتھوں میں گرا لیتا ہے۔۔۔۔انکی باتیں اسکے دماغ میں گونجنے لگ جاتی ہے۔۔۔۔۔

وہ 15 سال کا بچہ اپنی ماں کو روز نئے نئے لوگوں کے ساتھ دیکھ اس سے))))

بدزن ہوتا جا رہا تھا اور اسکا ہی فائدہ رسیہ اچھے سے اٹھا رہی تھی اسے اپنے لیے تیار کر رہی تھی۔۔اسکے برئن واش کر رہی تھی اسے اسکی ماں سے بدزن کر رہی تھی اور خود کے قریب۔۔۔۔ان کی باتوں سے اسکا دل عورت سے اٹھتا چلا گیا تھا وہ جب بھی رسیہ کے ہاتھوں میں پیسہ دیکھتا تو اسے بھی پیسہ کمانے کا دل کرتا کیونکہ وہ

جانتا تھا یہی پیسہ اسکی ماں کو یہاں تک لایا اگر یہ اسکے پاس ہو تو کوئی اسے جھکا نہیں سکے گا۔۔۔بس وہ بھی رسیہ کے نقشے قدم پے چلنا شروع ہو گیا تھا۔۔۔رسیہ ہی نے اسکی تعلیم۔ مکمل کروائی تھی۔۔۔وہ اپنی ماں سے بدزن ہو گیا تھا جو بات کرتا تھے پہلے بہت زیادہ وہ اب بلکل کم ہو گئی تھی۔۔۔۔

پہلی لڑکی جسے حاشر نے رسیہ کے کہنے پے آگواہ کر کے کوٹھے پے لایا تھا وہ کچھ دن تک موت کو گلے لگا چکی تھی۔۔۔۔اس دن رحمت نے اسے خوب مارا تھا وہ سمجھی وہ پڑھ لکھ کے عقل مند ہو گا۔۔۔ لیکن وہ وہی کم عقل تھا۔۔۔۔

وہ چپ چاپ مار کھاتا رہا تھا اسکے بعد وہ وہاں سے نکل گیا تھا اور اپنا کام شروع کر چکا تھا۔۔۔اسنے اپنا نیا طریقہ نکالا تھا وہ لوگ جو شریف تھے اور کوٹھوں پے نہیں جاتے تھے لیکن ان کاموں میں تھے انھیں ٹارگٹ کیا تھا۔۔۔۔۔اور وہ طریقہ اسکا چل پڑا تھا۔۔دماغ کو اسکے رسیہ چلا رہی تھی لیکن دل تو ابھی بھی اسکا ان سب

گناہ میں نہیں لگا تھا کبھی کبھی ماں کے باتیں اسکے دل پہ لگتی تھی پھر کچھ دنوں تک وہ رسیہ کی باتوں میں اکے پھر ویسا ہی ہو جاتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ عورت سے دور تھا۔۔۔اسنے کبھی کسی عورت کو ہاتھ نہیں لگایا تھا۔۔۔اسے ((((کہیں نہ کہیں یہ سب غلط لگتا تھا لیکن صرف لگتا تھا۔۔۔

حاشر سر صوفے پے ٹیکا کے آنکھیں موند لیتا ہے اسکا دل بہت بے چین تھا۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

ازلان کی آنکھ کسی بچے کے رونے کی آواز کھلتی ہے۔۔ابھی وہ سہہ سے جاگا بھی نہیں تھا

۔ایک دم پھر بچے کی رونے کی آواز آتی ہے۔۔۔وہ جھٹکے سے اپنے بازوں کے حصار میں دیکھتا ہے جہاں ماوٰی دوسری طرف چہرہ کیے بچوں کی ویڈیو دیکھنے میں مگن تھی۔۔۔۔۔

ناجانے اسے کس نے یوٹیوب کر دیا تھا وہ وقت دیکھتا ہے صبح کے 6 بج رہے ہوتے ہیں اسے یقین پتا تھا وہ کافی دیر کی جاگ رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنا سر تکیے پے گراتا ہے۔۔۔۔ تھوری سی آہٹ سے وہ مڑتی ہے۔۔

ازلان جی آپ اٹھ گئے۔۔

ماوی اسکی طرف دیکھتی ہے۔۔۔۔

کم از کم بندہ ولیم ہی کم کر لیتا ہے ماوی دوسرے کی نیند کا خیال کرتے ہیں نہ۔۔۔

یہ دیکھیں آپ بھی۔۔۔

اسکی بات کو پورا اگنور کرتے سر اسکے سر سے جوڑ وہ موبائل میں ویڈیو اسے دیکھاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

لاو دیکھاو۔۔ہاں بہت پیارے ہیں۔۔۔۔

وہ موبائل میں ویڈیو دیکھ تعریف کرتا موبائل پکڑ کے سائڈ پہ رکھ دیتا ہے۔۔۔۔۔

ازلان جیبی میرا موبائل۔۔

چپپ۔۔۔

اسکے بڑھے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں میں قید کرتا وہ ماوٰی کی آنکھوں میں دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

اس لیے موبائل دیا تھا کہ تم مجھے اگنور کرو۔۔ہاں۔۔۔

اسکے چہرے پہ آئے بالوں کو پیچھے کرتا ہے۔۔۔

میں نے تو نہیں کیا۔۔۔۔

نظریں جھکاتی وہ بس اتنا ہی بولتی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

کب بڑی ہو گی تم یار۔۔۔۔اپنے شوہر کا بلکل خیال نہیں ہے تمھیں۔۔

اسے گہری نظروں سے دیکھتا جزبات سے چور لہجے میں وہ پوچھتا ہے۔۔۔۔

میں تو بری ہی ہوں۔۔۔

ہاں اماں دادی ہو تم تو۔۔۔

اسکے سر سے اپنا سر ٹکراتے بولتا مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔

اچھا میں جا رہا ہوں اپنے روم میں تم تیار ہو کے ناشتے کے لیے آ جانا۔۔۔۔آج مجھے اپنے دوستوں سے ملنے جانا ہے۔۔۔ٹھیک ہے تم حریم کے ساتھ گاوں دیکھ آنا۔۔۔

اسکی ناک دباتا وہ اٹھ جاتا ہے۔۔۔

گاؤں وہی پھولوں والا باغ دیکھنے نہ جو آپ نے بتایا تھا۔۔۔

وہ خوشی سے پوچھتی ہے ازلان ہاں میں سر ہلاتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں وہاں بہت سارے پھول ہیں وہاں میری ماوی کی طرح پیارے پیارے۔۔۔۔

واہ کتنا مزا آئے گا نہ۔۔۔آپ بھی آ جائیں ہمارے ساتھ۔۔۔

نہیں چندا تمھارے ساتھ گیا تو سب کو شک ہو جانا ہے۔۔۔۔تم انجوئے کرنا۔۔۔مجھے دوستوں سے بھی ملنا ہے۔۔

اسکے گالوں پہ پیار کرتا وہ روم سے نکل جاتا ہے۔۔۔۔

اندر وہ خوشی سے باغوں کے بارے میں سوچنے لگ جاتی ہے۔۔۔۔

امبر کچن سے نکلتی اسکے سامنے پراٹھا پٹخنے کے انداز میں رکھتی اسے گھورتی ہے۔۔۔۔ادب خان جو پراٹھے کے انتظار میں تھا جلدی سے گرم گرم پراٹھا کھانا شروع کرتا ہے۔۔۔۔اور اسکی گھوری کو ہمیشہ کی طرح مکمل اگنور کرتا ہے۔۔۔۔

یہ چوتھا پراٹھا تھا۔۔۔جو تم کھا رہے ہو۔۔۔

وہ اسے احساس دلانے کے لیے بولتی ہے۔۔۔ صبح صبح اس سے وہ آلو کا پراٹھا بنوا کے تقیریبا 4 کھا چکا تھا۔۔۔

توبہ شرم نہیں آتی شوہر کا کھانا کنتی ہو۔۔۔

ایک ٹھیٹ مسکراہٹ کے ساتھ اسے دیکھتا ہے۔۔۔

مجھے ایسا لگ رہا تم شوہر نہیں آدم خور ہو۔۔۔۔ صبح صبح کون آلو کا پراٹھا کھاتا ہے۔۔۔

وہ کلس جاتی ہے اسکی حرکت پہ وہ کوئی موقع اسے تنگ کرنے کا نہیں چھورتا تھا۔۔۔

قسم سے تمھارے ہاتھ میں بہت ذائقہ ہے۔۔۔۔ مزاہ آگیا۔۔۔

وہ۔ مسکراتا اسے ہاتھ پکڑتا اسکی ہتیلی چومتا ہے جس پہ وہ شرما سی جاتی ہے۔۔۔۔ امبر کا ہاتھ پکڑ کے اپنی گود میں بیٹھالیتا ہے۔۔۔۔ ایک نوالہ بنا کے اسکی طرف کرتا ہے۔۔۔ جسے وہ کچھ جھجھکتے کھالیتی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

بتاو میری بیوی نے کیسا بنایا ہے۔۔۔۔

ایک آنکھ مارتا وہ پوچھتا ہے اسکی حرکت پہ نہ میں سر ہلاتی ہے۔۔

پہلے تو تم اس طرح نہیں کھاتے تھے۔۔۔۔ یہ نہ ہو تمھارا پیٹ باہر آجائے۔۔۔

پہلے کھلانے والا کوئی اپنا نہیں تھا نہ۔۔۔۔

اسے مسکراتے دیکھ وہ ایک اور نوالہ اسکی طرف بڑھاتا ہے۔۔۔۔۔

مطلب تم ہمیشہ سے اکیلے رہتے آئے ہو۔۔۔۔

سال ہو گئے ہیں۔۔ابو کو گئے۔۔۔تب سے اکیلا ہوں۔۔ 8

وہ ایک اور نوالہ اسکی طرف بڑھاتا ہے جسے وہ نہ میں سر ہلا دیتی ہے۔۔۔۔ادب خان اپنے منہ میں ڈال لیتا ہے۔۔

اور امی۔۔۔

وہ تو جب میں 10 سال کا تھا تب ہی چھوڑ گئی تھی۔۔۔۔جب امی تھی تو میری ہر فرمائش پوری کرتی تھیں۔۔۔میں بہت نخریلہ تھا کھانے کے معاملے میں۔۔۔لیکن جب وہ چلی گئی تو ایک وقت کے کھانے پے بھی تانہ ملتا تھا۔۔۔۔۔ بس میں نے فرمائش کرنی چھوڑ دی جو ملتا شکر کر کہ کھا لیتا تھا۔۔۔۔۔بہت مشکل

www.novelsclubb.com

سے پڑھائی مکمل کی تو حاتم سر کے آفس میں جوب مل گئی پتا نہیں سر نے مجھ میں کیا دیکھا کے انھوں نے مجھے اپنا پرسنل اسسٹینٹ رکھ لیا اور اللہ کا احسان کے میں فرش سے عرش تک آ گیا۔۔۔۔

ادب خان اپنے ماضی میں کھوتا کھانا کھانا ہی بھول گیا تھا خلا میں دیکھتا وہ بولتا چپ ہو جاتا ہے۔۔۔امبر جو کب سے اسے دیکھ رہی تھی اسے وہ اداس اچھا نہیں لگتا ۔۔۔

اپنے دونوں ہاتھوں کو اسکے گلے میں باندھتی ہے۔۔۔ادب خان چونک کے اسے دیکھتا ہے۔۔۔

میری بات سنو تم۔۔۔بے شک میں عمر می تم سے تھوری بری ہوں اسکا مطلب یہ نہیں کہ تم مجھے نخرے دیکھاو۔۔۔یہ کام بیویوں کے ہوتے ناز نخرے اٹھوانے کے اور یہ میں خود بہت اچھے سے کر سکتی ہوں۔۔۔خبر دار جو تم میرے سامنے

بچے بنے۔۔۔شوہر کی طرح میری پرواہ کرنی ہے تم ہے، میری ساری خواہش بھی پوری کرنی ہے اور نخرے بھی اٹھانے ہیں۔۔۔ سمجھ گئے۔۔۔۔

ادب خان جو محبت بھری نظروں سے اسے دیکھ رہا ہوتا سر ہاں میں ہلاتا مسکراتے اسے ماتھے کو چومتا ہے۔۔۔۔

جو حکم بیوی صاحبہ۔۔۔۔۔اور یہ عمر میں بری نہ کہا کرو میڈم کہیں سے بھی نہیں لگتی تم بری۔۔۔۔اور 2 سال کا گیپ کوئی معنی نہیں رکھتا۔۔۔

اسکی ناک دباتا وہ بولتا ہے جب موبائل رنگ ہوتا ہے۔۔۔

اوہو وو حاثم سر۔۔۔مجھے نکلنا ہو گا۔

www.novelsclubb.com

وہ کہہ کے کال اٹھاتا ہے۔۔۔

جی سر میں نکل رہا ہوں۔۔۔بس۔۔۔

کال کٹ کرتا امبر کو دیکھتا ہے۔۔۔۔جو ابھی تک اسکی گود میں ہوتی ہے اسکے ہی پراٹھے کو کھا رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

امبر مجھے جانا ہو گا۔۔۔۔

تو جاو۔۔۔

چائے کا گھونٹ بھری وہ کہتی ہے۔۔۔۔ادب خان مسکراتا ہے۔۔۔۔

اگر آپ اٹھ جائیں گی میری گود سے تو میں جاوں گا نہ۔۔۔

اووووسوری۔۔۔

وہ جلدی سے اٹھتی ہے۔۔۔۔ادب خان مسکراتے اٹھتا ہے۔۔۔ایک بار اسے گلے لگاتا اپنے آنے کا وقت بتا کہ نکل جاتا ہے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

[11:52 am, 18/05/2023] Afreen Blogger: از قلم

آفرین شبیر

#hamnavamere

EP 20

سب کھانے کی میز پہ موجود تھے سوائے ماوٰی کے ملازمہ کو اسے بلانے بھیجا تھا ۔۔۔ابھی سب کھانا شروع کرتے ماوٰی سیڑیاں اچھلتی اچھلتی نیچے آرہی ہوتی ہے۔۔۔اسے ایسے آتا دیکھ ازلان پریشانی سے موڑتا ہے اس کی طرف۔۔۔

ماوٰی آرام سے آو گر جاو گی۔۔۔۔

ازلان کی بات پہ سب تو نہیں لیکن اسکی دادی ضرور اسے گھورتی ہے جسے وہ دیکھتا نہیں ہے۔۔۔

ماوی منہ بناتی آدھی سیڑیوں سے آرام آرام سے آتی دادی اسے دیکھ رات والے منظر میں کھو جاتی ہے۔۔۔۔

(رات والا منظر

رات کے 1 بجنے والا ہوتا ہے سب کمروں میں کب کے چلے گئے تھے دادی جو اپنی دوائی لینا بھول گئی تھی اچانک انھیں یاد آتا ہے دودھ لینے وہ کچن میں جاتی ہیں۔۔جب ایک سایہ سے انھیں محسوس ہوتا ہے نیچے پورشن میں فل اندھیرا ہوتا ہے۔۔۔جب کہ اوپر ایک لائٹ ہلکی سی جل رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

وہ جو صوفے پے بیٹھی دوا کھا رہی تھیں۔۔۔۔ایک دم مڑ کے اوپر دیکھتی ہیں۔۔۔۔جہاں ازلان ہوتا ہے۔۔۔۔

اتنی رات یہ کیا کر رہا ہے۔۔۔۔

انھیں لگتا ہے وہ نیچے آ رہا ہے لیکن اسے ماوی کے روم میں جاتا دیکھ دادی حیرت سے منہ پہ ہاتھ رکھتی ہیں۔۔۔۔وہ بہت احتیاط سے چاروں طرف دیکھتا اندر چلا جاتا ہے۔۔۔۔

از لان۔۔۔۔

وہ حیرت سے اسکا نام پکارتی ہیں۔۔۔۔

نہیں نہیں وہ کچھ بات کرنے گیا ہو گا۔۔۔۔وہ بس سوچتی ہی 5 منٹ تک بھی وہ نہیں آتا باہر تو وہ پریشان ہو جاتی ہے۔۔۔۔ماوی کے لیے انکے دل میں جھول آ جاتا ہے۔۔۔غلط فہمی پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہے۔۔۔

وہ ان عورتوں میں سے تھی جنھیں اپنا بیٹا چوچا کا لگتا ہے جب کہ عورت لڑکوں کو اپنے پیچھے لگانے والی۔۔۔۔وہ پریشانی میں پوری رات سو نہ سکی تھی۔۔۔۔انھیں

ماوی پہ غصہ آرہا تھا جو شکل سے معصوم لگ رہی تھی لیکن تھی نہیں ایسا وہ سوچ ہی سکی بس۔۔۔

صبح بھی ان کی نظر ماوی کے روم میں تھی جہاں سے صبح ازلان نکلا تھا اور وہی انکی بدگمانی اور بڑھ گئی تھی۔۔۔۔

ازلان اس سب سے بے خبر کے اسکے کارنامے مشہور ہونے لگے ہیں۔۔۔۔ماوی کو دیکھ رہا تھا جو اسکے ساتھ والی کرسی پہ بیٹھنے لگتی ہے۔۔۔۔

روکو۔۔۔

ابھی وہ بیٹھتی دادی کی آواز پہ رکتی انھیں دیکھتی ہے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حریم کے ساتھ جا کہ بیٹھو۔۔۔۔

انکا لہجہ بہت تلخ ہوتا ہے جسے ماوی تو نہیں لیکن ازلان اور خانم ضرور محسوس کرتے ہیں۔۔۔۔ماوی جلدی سے حریم کے ساتھ جا کہ بیٹھ جاتی ہے۔۔۔

ازلان ناشتہ کرتے بات کا آغاز کرتا ہے۔۔۔۔

حریم آج ذرا تم وقت ماوی کو لے کہ گاوں دیکھا لانا۔۔۔

نہیں۔۔۔

ازلان کی بات بیچ میں ہی کاٹ کہ خانم منا کر جاتی ہے۔۔۔

حریم نہیں جائے گی ہفتے بعد شادی ہے اب یہ باہر نہیں جا سکتی مایوں بیٹھے گئی آج سے یہ۔۔۔۔باہر گاؤن کہ لوگ ہوتے۔۔۔

خانم کی بات پہ حریم کا منہ بن جاتا ہے۔۔۔

مایو۔۔۔وہ کیا ہوتا ہے ہم جلدی آجائیں گے نہ مجھے گاوں دیکھنا ہے نہ۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی معصومیت سے انھیں منانے کی کوشش کرتی ہے۔۔۔۔اسے تو باغ دیکھنا تھا تمھیں کیا پتا ہو گا مایو کیا ہو گا جو عورتیں گھر سے بھاگ کے شادی کریں انھیں یہ چیزیں نصیب نہیں ہوتی۔۔۔۔

دادی کی بات ماوی کہ تو سر کہ اوپر سے گئی تھی لیکن ازلان کے دل۔ کو بہت چبی تھی انکی بات۔۔۔۔وہ ماوی کا اترا چہرہ دیکھتا ہے جو نہ جانے کا سن چپ ہو گئی تھی۔۔۔۔ حریم بھی اسے حوصلہ دیتی ہے۔۔۔۔۔

اسکا اترا چہرہ دیکھ ازلان کو بہت دکھ ہوتا ہے۔۔۔ماوی نظر اٹھا کہ ازلان کو دیکھتی ہے۔۔۔۔جو اسے ہی دیکھ رہا ہوتا اہے۔۔۔۔وہ۔ معصوم رونے والا منہ بناتی ہے۔۔۔۔۔ازلان کا دل بے چین ہوتا ہے۔۔۔۔وہ اسے دیکھتا رہتا ہے اب وہ ناشتہ کرنے لگ گئی تھی۔۔۔۔

لیکن موم مجھے گفٹ چاہیے مہندی پہ میں نے حیدر کو بھیجنے تھے۔۔۔۔میں نے سوچا تھا ازلان کے ساتھ جا کے سامان لے آوں گی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حریم پریشانی سے بولتی ہے۔۔۔۔

تو تم سامان لینے چلی جانا گاڑی میں گاڑی میں ہی واپس آنا۔۔۔گاؤں گھومنے سے اسلیے منا کر رہی کیوں کے غیر لوگ ہوں گے زیادہ اسلیے۔۔۔۔اور دکان پہ بھی نقاب کر کے جانا ہے۔۔۔

پھر ٹھیک ہے ازلان تم شام تک ہمیں لے جانا۔۔۔ماوی بھی چلے گئی ہمارے ساتھ۔۔۔کیوں چلو گئی نہ۔۔

حریم ازلان سے کہتی ماوی سے پوچھتی ہے جس پہ وہ ہاں میں سر ہلاتی مسکرا جاتی ہے۔۔۔۔

اتنی ناسمجھ ہے یہ۔۔۔یہ سمبھالے گی میرا عہدہ میں نے تیری بیوی کو اپنی جگہ بیٹھانا تھا۔۔۔۔یہ بچی سمبھالے گی گاؤں کو بتا زرہ۔۔

وہ اب کچھ نرم پڑتی ہے۔۔۔

کوئی نہیں یہ میری بیوی ہے کوئی گاؤں کی نہیں ہے یہ صرف مجھے سمبھالے گی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

پہلے وہ خود کو تو سمبھال لے۔۔۔۔

خانم اسے گھورتی ہے۔۔۔۔ماوی ڈر کہ حریم کہ پیچھے چھپتی ہے۔۔۔

اسے میں خوشی خوشی سمبھال لوں گا۔۔

ازلان مسکراتا ہے ماوی کو سوچ کہ

اور جو میں تیرے لیے حلیمہ کا ہاتھ مانگ چکی ہوں۔۔

اب وہ۔قدرے پریشان ہوتی ہے۔۔۔۔

تو کوئی بات نہیں ابھی آپ نے پے منٹ تو نہیں کی نہ۔۔۔اس لیے انھیں کہہ دینا

اب نہیں چاہیے حلیمہ کا ہاتھ وہ اپنے پاس رکھے اب میرے پاس ماوی کا ہاتھ

ہے۔۔۔اور ویسے بھی میں ارطغرل کہ حق پہ ڈاکا نہیں ڈالنہ چاہتا حلیمہ کو اسے ہی

دیں آپ۔۔۔

www.novelsclubb.com

ازالان پر سکون سا بولتا ہے۔۔۔

بھنویں اچکاتی وہ اسے دیکھتی ہے جیسے وہاں کوئی مزاق ہو رہا ہے۔۔۔۔

دادی آپ کیا آرام سے بیٹھی مزے لے رہی ہیں۔۔۔مجھے بچائیں اپنی جلاد بہو سے۔۔۔۔

ازلان دادی کو چائے پیتا دیکھ بولتا ہے۔۔۔۔

کیوں بچاؤ مجھے بلایا تھا شادی پہ۔۔۔۔

چائے کا کپ رکھے وہ وہی سے جواب دیتی ہے ازلان تلملا جاتا ہے۔۔۔

شادی کہاں ہوئی ہے صرف نکاح ہوا ہے شادی تو ہو گئی ابھی دھوم دھام سے آجانا آپ بھی۔۔۔۔

چل نکل۔۔نکاح ہو گیا، رخصتی بھی ہو گی اب کون سی شادی رہ گئی تیری۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

دادی بھی دوٹوک جواب دیتی ہے۔۔۔ازلان منہ بنالیتا ہے۔۔۔جب گیٹ سے اندر آتی حکمت صاحب کی کار دیکھ ازلان کی جان میں جان آتی ہے۔۔۔۔

کار سے پریشان سے حکمت صاحب باہر آتے ہیں۔۔۔وہ ازلان کو چھت سے لٹکا دیکھ چکے تھے۔۔۔۔

نیلو یہ کیا کر رہی ہو اتارو اسے نیچے۔۔۔۔

حکمت صاحب کی آواز پہ نیلم آنکھیں چھوٹی کیے حکمت صاحب کو دیکھتی ہے۔۔

ڈیڈ دیکھیں اپکے لال کی کیا حالت کر دی ہے۔۔۔۔

نیلو وہ زخمی ہے کیا کر رہی ہو اوپر لو اسے۔۔۔۔

حکمت صاحب کو اسکے اکسیڈنٹ کا یاد ہوتا ہے۔۔۔زخمی لفظ پہ خانم پریشان ہوتی چوکیداروں کو اشارہ کرتی ہے۔۔۔تو وہ جلدی سے اسے اوپر کھینچتے ہیں۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا ہوا کہاں زخمی ہے۔۔۔۔

اسکہ اوپر آتے ہی وہ ازلان کو ٹٹولتی ہیں۔۔۔اتنے میں حکمت صاحب بھی اوپر آجاتے ہیں۔۔۔ازلان کو دیکھ ماوی جلدی سے اسکے پاس آتی ہے۔۔۔

ازلان جی۔۔۔آپ کو درد ہو رہی ہے نہ۔۔۔۔

ازلان اپنی ماں کی پریشان شکل دیکھتا ہے اور پھر ماؤی کو۔۔۔۔

نہیں میرا بچہ میں ٹھیک ہوں۔۔۔۔

وہ ان دونوں کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔ورنہ کب سے کمر پہ پرتی ٹیس کو برداشت کر رہا تھا۔۔۔۔

نیلو تم اپنی بچوں والی حرکت پتا نہیں کب چھوڑو گی۔۔

حکمت صاحب انھیں ڈانٹتے وہ ازلان کی طرف آتے ہیں۔۔۔اور اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھتے ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہو۔۔۔۔

ازلان سر ہاں میں ہلاتا ہے۔۔۔۔خانم دونوں ہاتھ کمر پہ رکھے حکمت صاحب کو دیکھتی ہیں۔۔۔۔

کون سی بچوں والی حرکت تھی اور جو آپ نے خوفیہ نکاح اسکا ایک بچی سے کر دیا وہ کیا تھا۔۔۔ہاں۔۔۔۔ برے قانون والے بنتے ہیں۔۔خود ہی غیر قانونی کام کیا ہے وہ 16 کی ہے۔۔۔ایک بوڑھے سے آپ نے اسکا نکاح کر دیا۔۔۔۔

موووووو ممممم میں بوڈھا۔۔۔۔

ازلان کو بوڈھا کچھ ہضم نہیں ہوتا آنکھیں حیرت سے باہر آجاتی ہیں۔۔۔ حریم کا قہقہ گونجتا ہے۔۔۔۔

نہیں تو اور کیا 2728 سال کا ہے تو۔۔۔۔اور وہ تیرے سامنے بچی ہی ہے۔۔۔

"میں بچی نہیں ہون۔۔۔۔اماں کہتی ہے جس کی شادی ہو جاتی ہے وہ بڑی ہو جاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی جو کب سے چھوٹی چھوٹی سن رہی تھی منہ بنا کہ کہتی حکمت اور ازلان کو مسکرانے پہ مجبور کر دیتی ہے۔۔۔۔۔

"یہ لیں سن لیں

اچھا چلیں نیچے چلیں۔۔۔آرام سے بات کرتے ہیں۔۔۔۔

حکمت صاحب ساری بات رفع دفع کرتے نیچے چلنے کا کہتے ہیں

میں آپ سے ناراض ہوں۔۔۔

خانم ناراضگی کا اظہار کرتی پیر پٹکتی نیچے چلی جاتی ہے۔۔۔۔حریم بھی مسکراتی نیچے جاتی ہے۔۔۔۔۔حکمت صاحب بس افسوس ہی کرتے ان کہ پیچھے جاتے ہیں۔۔

ازلان ماوی کا ہاتھ پکڑ کہ اپنے پاس کرتا ہے جو کب سے روئے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بس ماوی کتنا ظلم کرو گی اپنی آنکھوں پہ ویسے ہی چھوٹی ہیں۔۔۔۔اتنا رونے سے اندر ہی چلی جائیں گی۔۔۔۔

ازلان جی میں ڈر گئی تھی۔۔۔۔

اسکے کندھے میں سے منہ نکالتی ازلان کو دیکھتی ہے۔۔۔اسکا گال ابھی تک لال ہو رہا تھا ازلان کو بے اختیار اس پہ پیار آتا ہے۔۔۔دونوں ہاتھ اسکے گرد باندھتا اسے اوپر اٹھاتا زور سے خود میں بینچ لیتا ہے۔۔۔

سوری ماوی دادی نے غلط فہمی میں یہ سب کیا پلیز ان کہ لیے دل میں کوئی میل نہیں لانا۔۔۔وہ بہت اچھی ہیں۔۔۔

اسکے گال کو چومتا بولتا ہے ماوی بنا کچھ کہے اسکے گردن میں منہ چھپاتی ہے۔۔۔

چلو نیچے چلتے ہیں۔۔۔۔

اسکا ہاتھ پکڑتے وہ اپنے ساتھ نیچے لے جاتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

از قلم [11:55 am, 18/05/2023] Afreen Blogger:

آفرین شبیر

#Hamnavamery

EP 24..

کار میں مکمل خاموشی تھی۔۔حاثم صبح ہی واپس آیا تھا اور آتے ہی وہ عین کو لیتا گاؤں کہ لیے نکل گیا تھا۔۔۔رات میں اسے حکمت صاحب کی کال آئی تھی کہ وہ آج گاؤں پہنچیں۔۔ایک نظر عین کو دیکھتا ہے جو ہاتھوں کی انگلیاں مڑور رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

کیا ہوا پریشان کیوں ہو رہی ہو۔۔۔

حاثم آپ کے گھر جا رہی ہوں تو ریلیکس کیسے ہو سکتی ہوں۔۔۔ناجانے وہ قبول کرتے ہیں یا نہیں۔۔۔

وہ اپنے دل میں آئے ڈر کو حاثم تک پہنچا دیتی ہے۔۔۔

میں نے قبول کر لیا کافی نہیں ہے۔۔۔اور ویسے بھی میری فیملی اتنی تنگ نظر نہیں ہیں۔۔۔کہ لو میرج پہ ایشو کریٹ کریں میری دادو کی بھی لو میرج تھی موم ڈیڈ

کی بھی لو میرج ہی تھی۔۔۔تو زیادہ نہ سوچو۔۔۔باقی میں ہوں۔۔۔سب سمبھال لوں گا۔۔۔

اسکے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتا وہ اسے تسلی دیتا ہے۔۔۔۔عین تو۔ مسکرا بھی نہیں سکی تھی۔۔۔

اور شوپنگ وہ تو کی ہی نہیں۔۔۔

کر لیں گے کل تمھیں لے آوں گا۔۔۔۔دراصل کچھ مسلہ ہوا ہے وہاں تو ڈیڈ نے ارجنٹ بولایا ہے۔۔۔۔

اچھا۔۔۔

اسکی واضحات پہ وہ بس اتنا ہی کہتی ہے۔۔۔

اچھا پریشان ہونا چھوڑو یہ سوچو وہاں تمھارے لے ایک سرپرائز ہے وہ کیا ہو سکتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حاثم اسکا دیھان کہیں اور لا گانا چاہتا تھا۔۔۔۔عین غور سے اسے دیکھتی ہے جو اب سامنے دیکھنے لگ جاتا ہے۔۔۔

وہاں کوئی باغ دیکھانا چاہتے ہیں آپ ہے نہ۔۔۔جو آپ نے بہت محبت سے بنائیں ہوں گے۔۔۔۔

عین کے اندازے پہ وہ اسے حیرت سے دیکھتا پھر مسکرا جاتا ہے۔۔۔

کاہیر وہوِ جو تمھیں پھولوں کہ باغ میں لے جا کہ گانے s میں کیا کوئی 1990 گاوں گا۔۔۔۔

ویسے اتنا بھی کوئی برا خیال نہیں ہے کتنا رومینٹک ہوتا ہے باغوں میں ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کہ ہیر وہیر وائن کا گھمنا باتیں کرنا مجھے تو وہ زمانہ بہت پسند ہے۔۔۔۔۔

اپنی ہی سوچ میں گم وہ بولتی چلی جاتی ہے۔۔۔۔اب ڈر اور گھبراہٹ کہیں نہیں تھی اسکی سوچ سن حاثم مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔

ابھی تو تمھارا سرپرائز کچھ اور ہے۔۔۔۔وہ سوچو۔۔۔

حاثم سامنے دیکھتا ہے اور عین سوچ میں پڑ جاتی ہے۔۔ بار بار کچھ سوچ کہ اسے بتاتی ہے لیکن وہ نہ اور نہیں میں سر ہلاتا رہتا ہے۔۔۔۔جس پہ وہ مایوس ہوتی دوبارہ سوچتی ہے۔۔

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

کمرے کو دروازہ کھلا تھا ادب خان جو آج دوپہر میں سارے کام ختم کیے جلدی سے امبر کہ ساتھ وقت گزارنے کے لیے گھر آیا تھا اسے ڈرانے کا سوچ دروازے سے اندر جھانکتا ہے اسے وہ کھڑکی کہ پاس کھری نظر آتی ہے۔۔۔۔۔

امبر کھڑکی میں کھری باہر دیکھ رہی ہوتی وہ کھڑکی گلی میں کھلتی وہ ایک سوسائٹی تھی دور کہیں بچے کھیل رہے تھے انھیں دیکھتے وہ سوچ میں گم تھی۔۔۔۔ادب خان

دبے پاوں اندر آتا اسے پیچھے سے اپنے حصار میں لیتا ہے۔۔۔امبر ایک دم ڈر کہ مڑتی ہے

حاش

امبر کہ منہ سے نکلنے والے نامکمل نام پہ ادب خان کو جھٹکا لگتا ہے وہ ایک دم پیچھے ہوتا بے یقینی سے اسے دیکھتا ہے۔۔۔پھر 2 قدم پیچھے ہوتا ہے۔۔۔۔۔

تم حاشر کو یاد کر رہی تھی۔۔۔۔

اسے چہرے کی سنجیدگی دیکھ امبر کو شرمندگی ہوتی ہے اور خود پہ غصہ بھی آتا ہے۔۔۔۔۔وہ نہ میں سر ہلاتی ہے۔۔۔۔خوف سے آنکھیں بری ہو جاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں ہیں ننن

ادب خان جو بہت اچھے موڈ کہ ساتھ آیا تھا ایک دم سارہ موڈ خراب ہو جاتا ہے۔۔۔۔وہ ایک دو قدم اسے دیکھتا پیچھے ہوتا ہے۔۔۔۔

آبی میری بات سنو ایسا نہیں ہے جیسا تم سمجھ رہے ہو۔۔۔۔

اسکے باہر نکلنے سے پہلے امبر اسکے سامنے کھڑی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

امبر مجھے ابھی جانے دو مجھے ہرٹ ہوا ہے ہو سکتا ہے غصہ بھی آئے میں وہ غصہ تم پہ نہیں نکالنا چاہتا۔۔۔۔

بنا اس سے نظر ملائے وہ بولتا ہے۔۔۔۔امبر کا دل دکھتا ہے اس کہ رویے پہ۔۔۔۔اسکا چہرہ اپنی طرف مورتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم۔غلط سمجھ رہے ہو۔۔۔۔

ابھی چلی جاو امبر۔۔۔۔

ادب خان منہ پھیر لیتا ہے۔۔۔۔امبر کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔۔۔۔

کہاں جاوں میں بتاو کون ہے میرا اس دنیا میں۔۔

اسکی نم آواز سن ادب خان جھٹکے سے اسے دیکھتا ہے۔۔۔اسے اپنی بات پہ شرمندگی ہوتی ہے۔۔۔

سوری وہ میرا مطلب نہیں تھا۔۔۔۔رو تو نہیں نہ۔۔۔

چھوڑو تم تمھارے سارے مطلب سمجھ آ گیے ہیں۔۔۔تھارا دل بھر گیا ہے نہ مجھ سے۔۔۔۔۔

امبر اب نروٹھے پن سے بولتی بیڈ پہ جا کہ بیٹھ جاتی ہے۔۔۔۔ادب خان تو بھول ہی جاتا ہے وہ ناراض کیوں ہوا تھا۔۔۔امبر کہ ساتھ بیٹھا اسے منانے لگتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

میرا واقعی وہ مطلب نہیں تھا۔۔۔میں تو غصہ تھا۔۔۔۔

لیکن میں غصہ کیوں تھا۔۔۔۔

امبر حیرت سے اسے دیکھتی منہ بناتی ہے جو 2 منٹ میں اپنے غصے کی وجہ ہی بھول گیا تھا۔۔۔وہ سوچتا ایک دم اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔

ایک منٹ مجھے یاد آگیا تم حاشر کو یاد کر رہی تھی نہ۔۔۔

ادب خان ایک دم کھڑا ہوتا اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔

نہ میں اسے یاد نہیں کر رہی تھی صرف سوچ رہی تھی اس انسان کی وجہ سے میں کہاں سے کہاں آگئی اپنی گزری زندگی کو سوچ رہی تھی اور تم آگے اور میرے دماغ میں اسکا نام تھا اس لیے بول گئی۔۔۔اور تم

امبر بولتی ناراضگی سے منہ موڑ لیتی ہے ادب خان بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا ایسا تھا۔۔۔مجھے لا گا تم اسے یاد کر رہی ہو آخر وہ تمھارا پہلا پیار تھا۔۔

اب تم پوری زندگی اس بات کا تانہ دو گے۔۔۔۔

امبر ناراضگی سے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔۔

اچھا اچھا سوری یہ لو کان پکڑ لیے۔۔۔۔پلیز غلطی ہو گئی۔۔۔

ادب خان کان پکڑے کھڑا ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

ایسے نہیں مجھے باہر لے کہ جاو گے تم۔۔۔۔پھر میں مانوں گی۔۔۔

جو حکم۔میری سرکار۔۔۔۔

ایک ہاتھ سینے پہ رکھ وہ جھکتا ہے امبر مسکراتی ہے لیکن اسے سیدھے ہونے پہ دوبارہ سنجیدہ ہو جاتی ہے۔۔۔۔

یہ دیکھ لو اس بے شرم کو شرم آرہی ہے کیسے بیوی کو گود میں چڑھا کہ بیٹھا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

خانم ازلان کو گھورتی ہے تو شرمندہ ہی ہو جاتا ہے کیونکہ ماؤی بلکل بچوں کی طرح اسکی گود میں بیٹھی ڈری سہمی اسکے سینے پہ سر رکھے سب کو دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔اسے لگتا ہے اگر وہ ہٹی تو ازلان کو سب ماریں گے۔۔۔۔

تو آپ نے بھی تو اسے ڈرا دیا ہے مجھے لٹکا کہ۔۔

ازلان منہ بناتا ہے۔۔۔

اچھا نیلو۔۔۔۔

آپ نہیں بولیں۔۔۔خود تو مزے سے نکاح کروا دیا یہ بھی نہیں سوچا ایک ماں اسکی گاؤں بیٹھی ہے اسے بھی بلا لیں۔۔۔

حکمت صاحب کی بات ہونے سے پہلے ہی وہ بولتی ہے۔۔۔تو وہ پہلو بدل کہ رہ جاتے ہیں۔۔۔۔

حریم اپنی ماں کو ٹھنڈا شربت بنا کہ دو کچھ غصہ کا لیول نیچے آئے۔۔۔۔

حریم انکی بات پہ مسکراتی اٹھنے لگتی ہے لیکن خانم کی گھوریوں پہ دوبارہ بیٹھ جاتی ہے۔۔۔حکمت صاحب خانم کی طرف مؤڑتے ہیں۔۔۔

مجھے اب یہ بتاو تم، کہ مسلہ کس بات پہ ہے تمھیں۔۔۔انکی شادی سے، پسند کی شادی اسکا حق ہے وہ اسنے کیا۔۔۔یا کوئی اور بات ہے

ان کی سنجیدگی سے کہی بات پہ خانم ان دونوں کو دیکھتی ہے۔۔۔نظر ماؤی پہ جاتی ہے۔۔۔

ایک گاؤن کی خانم ہونے کے ناطے مجھے یہ چیز بلکل برداشت نہیں ہو رہی کہ ایک چھوٹی بچی کا نکاح ایک اتنے برے مرد سے کر دیا جائے آگے بھی زندگی گزارنی ہے انھوں نے۔۔۔ہمارے گاؤں میں بھی 98 سال گیپ تو پھر مانا جاتا ہے 1210 سال کا گیپ آپ کو یہ سہی لگ رہا ہے۔۔۔

خانم بلکل سنجیدگی سے بولتی حکمت صاحب کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

ہممم لیکن اس وقت یہی سہی لگا تمھیں ساری بات بتا چکے ہیں۔۔۔۔وہ کس مشکل سے آئی ہے یہاں اور جب تمھارا بیٹا اس سے محبت کرنے لاگا تو ایک چھت کہ نیچے اس لڑکی کہ ساتھ رہنا جس سے وہ محبت کرتا ہے بہت مشکل ہے۔۔۔۔اس لیے اسنے نکاح کا کہا میں نے کروا دیا۔۔۔خدانخاستہ کوئی گناہ ہو جاتا تو تم برداشت کر سکتی تھی۔۔۔۔

میں اسکی چمڑی ادھیر دیتی بنا یہ سوچے کہ یہ میرا بیٹا ہے۔۔۔۔اگر کچھ الٹا سیدھا کرتا غصے سے ازلان کو دیکھتی ہے۔۔۔۔وہ اپنے باپ کو مدد طلب نظر سے دیکھتا ہے تو اب تم نے اسکو اپنی بہو قبول کر لیا ہے۔۔۔۔

حکمت صاحب کہ بات پہ وہ دادی کو دیکھتی ہے۔۔۔

ماں جی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بھیی میں تو اسی وقت قبول کر چکی ہوں مجھے تو ازلان کی پسند اچھی لگی۔۔۔ہاں بس غلط فہمی تھی ورنہ بچی تو اچھی ہے اور جہاں تک بات ہے چھوٹی کی تو جب تم آئی تھی تم بھی اتنی ہی نا سمجھ تھی جتنی وہ ہے لیکن اہستہ آہستہ سمجھ گئی نہ۔۔۔۔تو وہ بھی سمجھ جائے گی۔۔۔۔

دادی کی بات پہ ازلان مسکراتا ہے شکر تھا کہیں سے تو ہرا سگنل ملا۔۔۔اب بس خانم کا رہ گیا تھا۔۔۔۔

خانم کی نظر حریم پہ جاتی ہے۔۔۔۔

موم مجھے تو ماوی اور ازلان کی جوڑی اچھی لگی ہے۔۔۔اور ازلان سمبھال لے گا اسے آپ بس دل سے مان جائیں۔۔۔

حریم کی بات پہ اسکی نظر ماوی پہ جاتی ہے جو ابھی تک اسکی گود میں بیٹھی ناخون چبا رہی ہوتی ہے۔۔۔

ٹھیک ہے مجھے تو پہلے بھی کوئی مسلہ نہیں تھا قبول کر لیا ہے میں نے اسے اپنی بہو۔۔۔۔

خانم کی بات پہ سب کہ چہروں پہ مسکراہٹ آتی ہے۔۔۔۔ازلان ماوی کو دیکھتا ہے۔۔۔۔

ماوی موم کو تم پسند آ گی۔۔۔۔۔انھوں نے قبول کر لیا تمھیں۔۔۔۔

ماوی مسکراتی ہے۔۔۔۔

سچی لیکن میں آپ کہ ساتھ ہی رہوں گی ان کہ ساتھ نہیں۔۔۔۔

ماوی کی بات پہ خانم آئبرو اٹھا کہ حکمت صاحب کو دیکھتی ہے۔۔۔۔ازلان ماوی کہ منہ پہ ہاتھ رکھ اسکا منہ بند کرتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کوئی بات نہیں بچی ہے "حکمت صاحب پھیکی سی مسکراہٹ کہ ساتھ کہتے ہیں۔۔۔۔۔

خانم کا رخ اب ازلان کی طرف ہوتا ہے

جب تم نے اسے بیوی بنایا ہے تو آا سکی ضرورتیں بھی پوری کرتے تم نے اسکے لیے کوئی خریداری کیوں نہیں کی۔۔۔کل ہی جا کہ اسکے لیے اچھے سے ڈریس لانا ۔۔۔آخر ہمارے گھر کی بہو ہے پتا تو چلے سب کو

خانم کہ لہجے میں محبت ہوتی ہے جسے سب محسوس کرتے ہے۔۔۔

ازلان جی مجھے بھوک لگی۔۔۔۔

ماوی تھورا چہرہ اوپر کرتے ازلان کہ کان میں بولتی ہے۔۔۔۔

ناخون سے پیٹ نہیں بھرا تمھارا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ازلان کہ تنظ کو نا سمجھتے وہ نہ میں سر ہلا دیتی ہے۔۔۔ازلان مسکرا جاتا ہے۔۔۔

ابھی منگواتا ہوں۔۔۔

اسکو کہتا وہ ملازمہ کو آواز دیتا ہے جو کچن سے باہر آتی ہے۔۔۔

ماوی کہ لیے کھانا لے آو۔۔۔۔

ازلان کہ حکم پہ وہ جلدی سے کچن میں چلی جاتی ہے۔۔۔

اچھا اب سب ٹھیک ہو گیا ہے تو چلیں روم میں۔۔۔۔اب ازلان والا جگرا نہیں ہے مجھ میں زرا پرایویٹ میٹنگ ہو جائے۔۔۔

حکمت صاحب شرارت سے خانم کہ قریب ہو کہ بولتے ہیں۔۔۔۔جوان کی بات پہ گھورتی ہے۔۔۔۔

کیا یار پورے 6 مہینے بعد آیا ہوں اور تم مجھے توجہ ہی نہیں دے رہی۔۔۔۔پس گھوریاں ہی کروا رہی ہو۔۔۔

آپ کو توجہ دے دے کہ 3 نمونے پیدا کر لیے ہی۔۔۔۔ابھی تو اپکی کلاس لگنی ہے یہ 6 مہینے بعد آئے کیوں ہیں۔۔۔

حکمت صاحب ناک چراتے ہیں۔۔۔کار کی آواز پہ سب کی زبانوں کو بریک لگتی ہے کھانا آچکا تھا ازلان ماوی کو کھانا دیتا ہے وہ وہی بیٹھی کھانے سے بھرپور انصاف کرتی ہے۔۔۔۔

جاو تمھارا لاڈلا بیٹا آگیا ہے۔۔۔۔

حکمت صاحب کہ بات پہ بے یقینی سے اسے دیکھتی فورا اٹھتی دروازے کی طرف جاتی ہے۔۔۔۔

راہداری سے گزارتا عین کا ہاتھ پکڑے وہ اندر آتا ہے پہلی ہی نظر ماں پہ جاتی ہے تو مسکرا دیتا ہے۔۔۔عین کا ہاتھ چھوڑ بھاگتا وہ ماں کو سینے سے لگاتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں آپکو بہت یاد کرتا تھا۔۔۔۔

یاد کرنا ہے لیکن آنا نہیں ہوتا تیرا۔۔۔۔

وہ روتے اسے بولتی ہے حاشم مسکرا جاتا ہے۔۔۔

اب آیا ہوں نہ ایک مہینہ رہ کہ جاوں گا۔۔۔۔

وہ انھیں پیاری سی لالچ دیتا ہے۔۔۔۔۔

بس ایک مہینہ۔۔۔۔یہ کون ہے۔۔۔۔

وہ سر اٹھاتی اسے دیکھتی نظر عین پہ جاتی ہے۔۔۔لائٹ پرپل قمیض شلوار ڈوپٹے کو سلیقے سے سر پہ لیے اور آگے پھیلائے۔۔۔۔وہ نروس ہو رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

موم یہ میری بیوی ہے عین۔۔۔۔

آگے بھرتا عین کا ہاتھ پکڑے سامنے کرتا ہے وہ تو ویسے ہی نروس تھی جلدی سے سلام کرتی ہے۔۔۔۔خانم کو جھٹکا ہی لاگا تھا۔۔۔۔وہ بنا کچھ کہتی اندر جاتی ہے سب ابھی بھی لاونج مین بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

حاثم بھی اندر پریشان سا عین کو لیتا اندر جاتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

لاونج میں پہنچتے خانم صوفے سے تکیہ اٹھاتی حکمت صاحب کو کھینچ کہ مارتی ہے۔۔۔وہ سب اس کہ لیے تیار نہیں تھے۔۔۔۔

اسکا بھی نکاح آپ نے کروادیااور میں ماں ہو یہ نہیں کسی کہ نکاح میں مجھے شامل کرنا ضروری نہیں سمجھااس دن کہ لیے بڑا کیا تھا کہ بولو۔۔۔

انکے غصے کو سمجھتے سب،لونج میں آتے حاثم کو دیکھتے ہیں۔۔۔۔

وہ بھی امر جنسی تھی۔۔۔آپ کیوں پریشان ہوتی ہیں ہم سب کا نکاح آپ کی موجودگی میں دوبارہ کروالیتے ہیں۔۔۔

حکمت صاحب معملے کو سمجھانا چاہتے جب ایک کو تکیہ انکے سینے پہ آ کے لگتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بھائی

حریم بھاگتی حاثم کہ سینے سے لگتی ہے۔۔۔۔

شکر آپ آ گیے۔۔۔۔اور یہ بھابھی ہیں۔میری اووو بہت پیاری ہے لیکن ان کی شکل تھوری ازلان کی بیوی سے ملتی جلتی ہے۔۔۔

حاثم اسکی بات پہ مسکراتا ہے اور عین تو نا سمجھے سے اسے دیکھتی ہے وہ تو ازلان کو جانتی ہی نہیں تھی۔۔۔

یہ میری بہن ہے حریم جس کی شادی ہے۔۔۔

مبارک ہو تمھیں۔۔۔

عین مسکراتی اسے مبارک باد دیتی ہے۔۔۔۔

واہ مجھے تو ایک ہی دن میں دو دو بھابھیاں مل گئ۔۔۔۔مجھے تو لاگا ہی نہیں تھا حاثم بھائی شادی کریں گے لیکن فائنلی۔۔۔۔ازلان نے بھی کر لی اور حاثم بھائی نے بھی۔۔۔۔ویسے آپ کی شکل تھوری تھوری میری دوسری بھابھی سے ملتی ہے۔۔۔۔

حریم بنا روکے بولتی چلی جاتی ہے۔۔۔۔عین سمجھ نہیں آتا کون سی دوسری بھابھی۔۔۔۔

ہٹو اب ہمیں بھی ملنے دو۔۔۔۔

ازلان حریم کہ سر سے اسے پیچھے کرتا سامنے آتا ہے لیکن اپنے سامنے عین کو دیکھ ایک سیکنڈ میں پہچان جاتا ہے اسے شوکٹ لگتا ہے۔۔۔۔جسے وہ ہر جگہ ڈھونڈھ رہا تھا وہ اسکے ہی بھائی کہ پاس تھی۔۔۔

آپ کا نام قراۃ العین ہے نہ۔۔۔

وہ منہ کھولے حیرت سے اسے دیکھتا پوچھتا ہے۔۔۔۔۔عین ہاں میں سر ہلاتی ہے۔۔۔۔اسکی نظر حاثم پہ جاتی ہے جو مسکرا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔

یہ سرپرائز تھا؟۔۔آپکا۔

حاثم سر ہاں میں ہلاتا ہے۔۔۔۔

ہٹو مجھے بھی اپنی بہو سے ملنے دو۔۔۔۔

دادی آگے آتی ہے اور عین کہ سر پہ پیار کرتی ہے۔۔۔

بہت پیاری ہے شکر ہے تو نے چھوٹی بچی سے شادی نہیں کی یہ تو سمجھدار لگ رہی ہے۔۔۔۔

دادی اپنی بات کہتے ازلان کو دیکھتی چیڑاتی ہے جو چیڑ بھی جاتا ہے۔۔۔۔۔

پھر سب باری باری عین سے ملتے ہیں خانم بھی ناراضگی بھولائے خوب پیار کرتی ہے لیکن حکمت صاحب سے دو دو ہاتھ کرنے کا سوچے بیٹھی ہوتی ہیں۔۔۔۔۔۔

حاثم جو ماوٰی کہ انتظار میں تھا کہ وہ اپنی بہن کو دیکھے اور عین کو سرپرائز ہو لیکن وہ میڈم کھانا کھانے میں مصروف ہوتی ہے۔۔۔۔۔وہ مسکراتا ہے۔۔۔۔ازلان تو ابھی بھی سوچ میں گم ہوتا ہے۔۔۔۔پھر ایک دم ہوش میں آتا ماوٰی کی طرف جاتا ہے۔۔۔۔

آجاو۔۔۔اندر یا یہی کھڑے رہنا ہے۔۔۔۔

خانم ان سب کو وہی جمے دیکھ بولتی ہے سب ان کے

ساتھ اندر جاتے ہیں۔۔۔

ماوی وہ دیکھو کون ہے۔۔۔۔ازلان اسکے پاس جاتا ماوی کا دیھان عین کی طرف کرتا ہے۔۔۔۔اپنا کھانا وہ کھا چکی تھی ازلان کہ اشارے پہ وہ حاثم والی سائڈ پہ دیکھتی ہے جہاں وہ سب عین کو لیتے اندر ہی آرہے ہوتے ہیں۔۔۔۔جیسے ہی اسکی نظر عین پہ جاتی ہے وہ خوشی سے چلا اٹھتی ہے۔۔۔

اپیاااااا۔میری اپیاااااا

عین کہ قدم رکتے ہیں یہ آواز تو وہ لاکھوں۔میں بھی پہچان سکتی تھی۔۔۔۔اسکے ساتھ سب کی نظر ماوی پہ جاتی ہے جو بھاگتی عین کے سینے سے لگتی ہے۔۔۔۔۔

میری اپیاااااآگئیی۔۔۔۔

عین کچھ پل ساکت ہو جاتی ہے۔۔۔۔حاشم،ازلان اور حمت صاحب کو چھوڑ باقی سب بھی حیران ہوتے ہیں۔۔۔

مجھے پتا تھا میری اپیا آئیں گی۔۔۔۔

چہرہ اسکے کندھے سے نکال وہ عین کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

ماوی

بہت اہستہ سے اسے پکارتی اسکے ہونے کا یقین کرتی ہے اسے لگتا ہے وہ کسی خواب کہ زیر اثر ہے۔۔۔۔۔

ہاں اپیا میں ہوں ماوی آپ مجھے بھول گئی ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی پریشان ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔ایک دم عین ہوش میں آتی ماوی کہ چہرے کو دیوانہ وار چومنے لگ جاتی ہے۔۔۔۔

میرا چندہ،میری جان بلکل ٹھیک ہے۔۔۔شکر اللہ کا۔۔۔۔

میں نے بہت یاد کیا ایسا ہو سکتا ہے میں اپنے بچے کو بھول جاوں۔۔۔

اسے اوپر سے نیچھے ٹٹولتی وہ سینے سے لگاتی ہے اماں کہ جانے کہ بعد اور واقع کہ بعد وہ اسے اور عزیز ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

حاثم اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھتا ہے۔۔۔۔۔

حاثم میری بہن ہے یہ۔۔۔۔

وہ خوشی سے اسے بتاتی ہے

کیسا لاگا سرپرائز۔۔۔۔۔

بہت اچھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

عین کی آنکھوں میں آنسو کہ ساتھ خوشی کی ایک چمک نظر آتی ہے جسے دیکھ کچھ پل حاثم ساکت ہو جاتا ہے۔۔۔اسے وہ منظر اپنے دل کہ قریب لگتا ہے۔۔۔۔۔۔

چلو بچے بیٹھ کہ بات کرتے ہیں۔۔۔۔

حکمت صاحب انکے سر پہ ہاتھ رکھتے اندر لے جاتے ہیں۔۔۔

[11:55 am, 18/05/2023] Afreen Blogger: از قلم

آفرین شبیر

#Hamnavamery

EP 25...

ہاں تو یہ میٹنگ میں ہی کروں گا۔۔۔بس انتظامات کرو میں پہنچ جاوں گا۔۔۔۔۔

وہ جو فون پہ بات کرتا اندر آرہا تھا سیڑیوں پہ کھڑی ایمان کو دیکھ رک سا جاتا ہے۔۔۔ایمان احتیاط سے ادھر ادھر دیکھتی نیچے کسی کو شاید ڈھونڈ رہی تھی ابھی اسکی نظر حاشر پہ نہیں گئی تھی۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ بلکل ساکت تھا اسکے سامنے ہوتے وہ گم سم ہو جاتا تھا۔۔کال پہ کیا کہا جا رہا ہے اسے کچھ سنائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔اس کی نظر سامنے کھڑی لڑکی سے ہٹنا بھول گئی

تھی۔۔۔اسکا مینیجر ہیلو ہیلو کرتا کال کٹ کر دیتا ہے۔۔۔۔وہ ایسے ہی کان سے فون کو لگائے اسے بنا پلکھ چھپکائے دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

ایمان یہاں وہاں نظر دوراتی حاشر کی طرف دیکھتی ہے جو ایک مجسمے کی طرح کھڑا ہوتا ہے۔۔۔اسکی دل کی دھڑکن تب تیز ہوتی ہے جب وہ اسے اپنی طرف آتا دیکھتا ہے۔۔۔دل ایک دم شور کرنے لگ جاتا ہے بے اختیار اسکا ہاتھ اپنے دل پہ جاتا ہے۔۔۔۔ نظریں خود بخود جھکتی چلی جاتی ہیں۔۔۔وہ ابھی تک انھیں کپڑوں میں تھی ہجاب میں پریشانی سی اسکے پاس کچھ قدم پہ رک جاتی ہے۔۔۔

آپ کسی ڈاکٹر کو بلا دیں۔۔۔میرے ساتھ والی لڑکی کو بہت تیز بخار ہے۔۔۔۔

وہ کہ رہی تھی لیکن حاشر کو ایک لفظ بھی سنائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔اسکے ہلتے ہونٹ دیکھتے وہ اپنے سننے کی صلاحت کھو چکا تھا۔۔۔۔اسے کوئی رد عمل نہ کرتا دیکھ ایمان اپنی نظریں اٹھاتی ہے۔۔۔بے اختیار ہی اسکی اٹھی نظروں کو دیکھ حاشر

کی آنکھیں بند ہو جاتی ہے وہ ان آنکھوں میں خود کو ڈوبتا محسوس کرتا ہے۔۔۔ایک دم آنکھ کھولتا ہوش میں آتا ہے۔۔۔

آپ سن رہے ہیں۔۔؟ڈاکٹر کو بلا دیں میرے ساتھ والی لڑکی کو بہت تیز بخار" ہے۔۔۔۔

جی۔۔اچھا۔۔۔

وہ بولنا چاہتا تھا" میں نے ٹھیکا نہیں لیا'لیکن دل اسکی اجازت ہی کہاں دی تھی دل اسکے سامنے ہمیشہ اسکی کہی بات ہی سنتا تھا۔۔۔۔زبان دماغ کا ساتھ نہ دیتے دل کی بات سن ہامی بھر لیتی ہے۔۔۔۔

وہ خود کو کوستا باہر جانے لگتا ہے ایمان کی پکار پہ رکتا ہے۔۔۔۔۔

لیڈی ڈاکٹر کو لانا پلیز۔۔۔

کچھ پل اسے دیکھتا باہر نکل جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

باہر آتے زور سے اپنا ہاتھ دیوار پہ مارتا ہے۔۔۔۔۔سارا غصہ خود کا خود پہ ہی نکال لیتا ہے ہاتھ پہ خون کہ قطرے بنتے ہیں۔۔۔

کیوں اس سے ایسے بات کرتا ہوں میں کیوں نہیں چلتی میری اسکے سامنے۔۔۔۔یہ لڑکی میرا دماغ خراب کر دے گی کچھ سوچنا ہو گا اسکا۔۔۔۔۔

خود سے سوچتا وہ باہر کی طرف بڑھتا ہے کال پہ ڈاکٹر کو لانے کا کہتا ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

ایسے کیسے ہو سکتا ہے یہ تو بہت چھوٹی ہے نہ۔۔۔۔

عین کو نکاح کا پتا چلتے ہی وہ حیران ہو جاتی ہے حیرانی سے وہ سب کو دیکھتی ہے۔۔۔ازلان ساری بات بتاتا ہے کہ وہ۔کیسے ملی۔۔۔۔ماوی جو پہلے ازلان سے چپکی تھی اب عین کے ساتھ چپک کہ بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔

مجبوری تھی بیٹا۔۔۔۔

حکمت صاحب اسکو وضحات دیتے ہیں۔۔۔۔عین ازلان کو دیکھتی ہے پھر اپنی بہن کو۔۔۔۔ماوی اسکا پریشان چہرہ دیکھ جلدی سے ازلان کی طرفداری کرتی ہے۔۔

اپیاااایہ ازلان جی ہیں۔۔۔یہ نہ بہت اچھے ہیں میرا بہت خیال رکھتے ہیں۔۔۔۔جب آپ نہیں تھی تو یہ مجھے کھانا بھی بنا کہ دیتے تھے اور اپنے گھر میں بھی رکھا ورنہ تو میں بھوکی رہ جاتی۔۔۔۔۔

وہ ازلان کی تعریفوں کہ پل باندھتی آخر میں اپنا ڈر بتاتی ہے۔۔۔۔۔خانم حاثم دونوں آئی بروا ٹھا کہ ازلان کو دیکھتے ہی۔۔۔۔

یہ کھانا بنانے والا ٹیلنٹ کب آیا تم میں۔۔۔۔

حاثم کی بات پہ وہ پھیکا سا مسکراتا ہے۔۔۔۔

ہمیں بھی زرا اپنے ہاتھ کا بنا کچھ کھلاو۔۔۔۔

خانم بھی جلے پہ نمک چھیر کتی ہے تو وہ دانت پیس کہ رہ جاتا ہے۔۔۔۔۔

اچھا چندا۔۔۔۔۔

اسکو خوش دیکھ وہ۔ مسکراتی ماوی کا ہجاب سہہ کرتی منہ پہ پیار سے ہاتھ پھیرتی ہے۔۔۔۔۔

اب آپ سب اپنے روم میں جائیں رات کہ کھانے پہ ملاقات ہوتی ہے۔۔

خانم ان سب کے آرام کہ خیال سے وہ سب کو روم میں بھیجتی ہے۔

آجاو ماوی تمھارا سامان اپنے روم میں رکھتا ہوں۔۔۔۔۔

ازلان ماوی کی طرف اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے۔۔۔۔جسے وہ جلدی سے پکڑ لیتی ہے

اپیا میں آتی ہوں آپ جانا نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

کھڑی ہوتی عین کو کہتی ازلان کہ ساتھ چلتے چلتے باتیں بھی کرتی ہے۔۔۔

"اب ہم چھپن چھپائی نہیں کھیلیں گے۔۔۔۔"

"نہیں اب تو سب کو پتا چل گیا ہے نہ۔۔۔"

وہ اسکا ہاتھ پکڑے اوپر لے جاتا ہے۔۔۔۔۔سب انکی باتوں پہ مسکراتے ہیں۔۔۔۔عین پر سوچ نظروں سے انھیں جاتا دیکھتی ہے۔۔۔۔

حاشم تم بھی عین کو لے جاو تھورا فریش ہو لے یہ بھی۔۔۔۔

جی ! ! آجاو عین۔۔۔۔

حاشم اٹھتا ہے عین بھی ساتھ اٹھتی سب کو سلام۔کرتی حاشم کہ ساتھ اوپر چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

حاشر ناچاہتے ہوئے بھی ڈاکٹر کو لے آتا ہے ڈاکٹر سامنے لیٹی لڑکی کا بخار چیک کرتی ہے اسکا معائنہ کرنے لگتی ہے حاشر جو ایمان کی دوسری سائڈ تھورے فاصلہ پہ کھرا تھا اچانک اس کی نظر ایمان سے ٹکراتی ہے لیکن وہ اسکی نظروں س ءبے خبر سامنے لیٹی لڑکی کہ دعا کر رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ پریشان تھی سامنے لیٹی لڑکی کہ لیے۔۔۔۔کچھ سوچتے حاشر کسی کی نظر میں آئے آرام سے ایمان کہ پیچھے جا کھڑا ہوتا ایمان خود پریشان تھی اس لیے اسکا بھی دیھان نہیں جاتا۔۔۔۔۔۔

اس سے 2 قدم کہ فاصلہ پہ کھڑا وہ خود میں انجانی سی خوشی اور سکون محسوس کرتا ہے۔۔۔۔اسکا تھورے فاصلے پہ کھڑے ہونا ہے اسے ایک خوشگوار احساس میں مبتلہ کر جاتا ہے۔۔۔۔ایک نظر اٹھا کہ سامنے کھڑی ایمان کو دیکھتا ہے اسے اپنا آپ مکمل سا لگتا ہے اسکے ساتھ۔۔۔۔

وہ پوری زندگی بھی اسکے ساتھ ایسے کھڑا ہو سکتا تھا۔۔۔۔اسے دیکھتے خود بخود اسکے ہونٹ مسکراہٹ میں ڈھلتے ہیں۔۔۔وہ نظرین نیچے کیے مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔وہ زندگی میں بہت کم مسکرایا تھا اور اب وہ اسکی صحبت میں مسکرا رہا تھا۔۔۔۔اسکا سکتہ ڈاکٹر کہ آواز پہ ٹوٹتا ہے۔۔۔۔

انھیں کسی بات کا صدمہ لگا ہے۔۔۔۔شام تک بخار اتر جائے گا۔۔۔۔یہ دوائی دیں انھیں۔۔۔۔

ڈاکٹر پرچی ایمان کو پکراتی ہے۔۔۔۔جسے پکڑتے وہ حاشر کی طرف دیکھتی ہے۔۔۔۔لیکن اسے خود کہ پیچھے کھڑا دیکھ ایک دم ڈر کہ سائڈ ہوتی ہے۔۔۔۔۔آجائیں میں چھوڑ آتا ہوں۔۔۔

وہ اسکا ڈر نا دیکھ جلدی سے ڈاکٹر کو مخاطب کرتا ہے۔۔۔تو وہ اپنا بیگ لیتی اسکے ساتھ باہر آجاتی ہے۔۔۔۔۔

حاشر اس منظر سے غائب ہونا چاہتا تھا۔۔۔۔اسلیے فور باہر بھاگتا ہے۔۔۔۔اسکے جاتے ایمان دروازے کو گھورتی ہے۔۔۔۔۔۔

عجیب انسان ہے۔۔۔""اسے نیا لقب دیتی دوبارہ لڑکی کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

حاثم فریش ساواشروم سے باہر آتا ہے۔۔۔۔بالوں کو تولیے سے رگڑتا اسکا ہاتھ ناخون چباتا دیکھ ایک پل کو رکتا ہے۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا پریشان کیوں ہو۔۔۔۔

تولیہ سائڈ رکھتے بالوں کو سنوارتا وہ اسے آہینہ میں دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

حاثم۔۔۔

اسکے پکارنے پہ حاثم ایک گہری سانس لیتا اسکے سامنے بیٹھتا ہے۔۔۔۔

بولو کیا پریشانی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی کی۔۔وہ چھوٹی ہے میاں بیوی کہ رشتے کو نہیں سمجھتی وہ ابھی اور شادی

اچھا وہ چھوٹی ہے تم تو بڑی ہو نہ تم سمجھتی ہو۔۔

عین ناسمجھی سے نظر اٹھا کہ اسے دیکھتی ہے۔۔ لیکن اسکی آنکھوں میں شرارت دیکھ اسے گھورتی ہے۔۔۔۔

میں سیریس ہوں۔۔۔۔اسکی ابھی پڑھائی بھی پوری نہیں ہوئی وہ۔ معصوم ہے حاثم۔۔۔

وہ جزباتی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

تمھیں مجھ پہ یقین ہے۔۔۔۔

اسکا ہاتھ تھامتا ہے۔۔۔ عین جلدی سے سر ہاں میں ہلاتی ہے۔۔۔۔

مجھے اپنے بھائی پہ یقین ہے۔۔۔۔اسنے نکاح اسے پروٹیکٹ کرنے کے لیے کیا کیونکہ وہ اسکی عزت پہ ہرف نہیں آنے دینا چاہتا تھا۔۔۔۔کیونکہ جس سے محبت ہو اسکی عزت اپنی عزت سے زیادہ اہم ہوتی ہے۔۔۔۔۔تم کبھی آنکھوں میں دیکھنا ماوی کہ۔لیے اسکی محبت صاف نظر آتی ہے۔۔۔۔۔۔وہ ہر طرح سے اسکا خیال

رکھے گا۔۔۔اور جہاں تک بات ہے کہ وہ اس رشتے کو نہیں سمجھتی تو وہ از لان خود سمجھادے گا جب وقت آئے گا تو۔۔۔۔۔۔ابھی نہ خود پریشان ہو نہ ماوی کو کرنا۔۔۔اب وہ تمھاری نظر کہ سامنے ہیں۔۔۔۔خود دیکھ لینا وہ کیسے رکھتا ہے اسے۔۔۔۔اوکے۔۔۔۔

حاثم اسکی ناک دباتا ہے۔۔۔۔عین ہاں میں سر ہلا جاتی ہے۔۔۔وہ حاثم پہ یقین رکھتی تھی اگر وہ کہ رہا تھا تو وہ اب پر سکون کو گئی تھی۔۔۔۔مسکراتی وہ حاثم کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

آپ میرے لیے ایک نعمت ہیں۔۔۔۔شکریہ میری زندگی میں آنے کہ لیے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسکے سینے سے لگ جاتی ہے۔۔۔حاثم اسکی بات پہ دل و جان سے مسکراتا ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

یہ پورا کھانا ہے سمجھی۔۔۔۔ساری گند بلا کیسے چٹاچٹ ختم کی تھی تم نے اور کھانا کھاتے نخرے کر رہی ہو۔۔۔۔

ازلان اسکی پلیٹ میں کھانا ڈالتا اسے کہتا ہے۔۔۔تو وہ منہ بنا کہ رہ جاتی ہے۔۔۔ابھی تو وہ بیچاری چپس کے 3 پیکٹ کھا کہ آرہی تھی بھوک کہاں لگنی تھی۔۔۔۔سب ہی ان دونوں کی طرف متوجہ تھے۔۔۔۔انھیں دیکھتی خانم گلا کھنکھارتی سب کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔۔۔۔

میں نے ایک فیصلہ کیا ہے۔۔۔۔

سب رک جاتے ہیں کھانے سے۔۔۔سب کو اپنی طرف متوجہ دیکھ وہ بولنا شروع کرتی ہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

حریم کے نکاح والے دن حاثم اور ازلان کا بھی نکاح ہو گا دوبارہ سے میرے سامنے۔۔۔۔تاکہ مجھے تسلی ہو۔۔۔۔"لیکن"۔۔۔

خانم کی بات پہ جہاں وہ سب ریلیکس ہوئے وہی اس لیکن نے انھیں تجسس میں ڈال دیا۔۔۔

لیکن کیا موم۔۔۔

ازلان پوچھے بنا نہیں رہ۔سکا۔۔۔

لیکن یہ کہ حاشم اور عین کی تو رخصتی ہو گی۔۔۔۔لیکن ازلان اور ماوی کی رخصتی نہیں ہو گی۔۔۔۔۔ماوی اپنی بہن کہ ساتھ رہے گی جب تک وہ 18 کی نہیں ہو جاتی۔۔۔حاشم اور عین اسے سمبھالیں گے۔۔۔۔اسکے 18 کہ ہوتے ازلان اور ماوی کی رخصتی ہو گی۔۔۔۔

ایک بم تھا جو ازلان کہ سر پہ پڑا تھا وہ صدمے کی حالت میں انھیں دیکھتا ایک دم کھڑا ہوتا ہے۔۔۔۔

بلکل نہیں۔۔۔میں اس کی اجازت نہیں دوں گا۔۔۔

تم سے اجازت مانگ کون رہا ہے۔۔۔

خانم بھی اسی کی طرح اکڑ کہ جواب دیتی ہے تو وہ حکمت صاحب کو دیکھتا ہے۔۔۔۔

نیلو سہی کہ رہی ماوی تھورا گروم ہو جائے گی۔۔۔ عین کہ ساتھ پڑھائی بھی تو رہتی اسکی تب تک

بلکل نہیں۔۔۔۔

ایک دم وہ بہت دھیمے لیکن سخت لہجے میں بولتا ہے۔۔۔۔

میں ایک پل ایک منٹ بھی اسے نہیں دے سکتا کسی کو جو کرنا ہے میں خود کر لو گا۔۔۔۔ مجھے تو سمجھ نہیں آ رہا آپ لوگ اسکی عمر کو لے کہ پیچھے ہی پڑ گئے ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی بیوی ہے میری نکاح کیا ہے، تو اسکا شوہر ہونے کہ ناطے میں ہی فیصلہ " کروں گا کہ وہ میرے ساتھ رہے گی یہ نہیں۔۔۔۔"

وہ سختی سے بولتا سب کو ہلا دیتا ہے عین بھی حیرت سے اسے دیکھتی ہے جو ماوٰی کہ دور جانے کہ خیال سے بے چین ہی ہو گیا تھا۔۔۔ماوٰی بھی آنکھیں بری کیے اسے دیکھتی ہے۔۔۔وہ غصے میں کھانا چھورتا اپنے روم کی طرف بڑھ جاتا ہے۔۔۔۔

ماوٰی جاو اسکے ساتھ۔۔

حریم ماوٰی کا کندھا ہلاتی ہے۔۔۔جس پہ وہ جلدی سے کھری ہونے لگتی ہے۔۔۔

بیٹھی رہو تم کہیں نہیں جا رہی

خانم غصے سے اسے ٹوکتی ہے۔۔۔جسے ازلان بھی سن لیتا ہے۔۔۔ماوٰی سٹیچو ہی بن جاتی ہے۔۔۔

ماوٰی میرے پیچھے آو۔۔۔

سیڑیوں پہ کھڑا اسے حکم۔دیتا ہے۔۔۔۔تو وہ۔ایک نظر خانم کو دیکھتی ہے جو غصے سے ازلان کی طرف دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔ماوی نظر بچا کہ ازلان کی طرف بھاگتی ہے۔۔۔۔۔۔

دیکھ رہے کیسی حرکتیں کرتا ہے۔۔۔۔پورا آپ پہ ہی گیا ہے۔۔۔

اب خانم کا رخ حکمت صاحب کی طرف تھا۔۔۔وہ انجان بنتے سے کندھے اچکا جاتے ہیں۔۔۔

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

حاشر ڈاکڑ کو چھورتا اندر آتا ہے جب اسکا موبائل بجتا ہے۔۔۔۔رسیہ بیگم کا نمبر دیکھ وہ کال اٹھاتا ہے۔۔۔۔سامنے سے جو کہا جاتا ہے۔۔۔۔وہ حاشر کو ہلا کہ رکھ دیتا ہے بنا کچھ سوچے وہ باہر کو بھاگتا ہے۔۔۔۔۔

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

سارے دشمن ہیں سب مجھے اور تمھیں الگ کرنا چاہتے ہیں۔۔۔۔

وہ مسلسل کمرے میں چکر لا گا رہا تھا۔۔۔ماوی بیڈ پہ بیٹھی اپنی آخری چوکلیٹ کھا رہی تھی ساتھ اسکی تقریر بھی سن رہی تھی۔۔۔۔۔

نہیں مطلب ہمارے نکاح کی کوئی ویلیو ہی نہیں۔۔۔میں کیا تمھیں پڑھا نہیں سکتا۔۔۔میں کیا تم پہ کوئی بوجھ ڈالتا ہوں۔۔۔

وہ رک کہ ماوی کو دیکھ پوچھتا ہے جس پہ وہ نہ میں سر ہلاتی ہے۔۔۔۔۔

وہی تو تمھارا پورا خیال رکھ سکتا ہوں میں۔۔۔۔بس میں تمھیں خود سے الگ نہیں کر سکتا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی کے ساتھ بیٹھتا اسے دیکھتا ہے بے بسی سے بولتا ہے نا جانے وہ اسکے معاملے میں اتنا احساس کیوں ہو گیا تھا۔۔۔ایک ہاتھ سے پکڑ کہ اسے اپنے قریب کرتا اسکی آنکھوں میں دیکھتا پوچھتا ہے۔۔۔

میں کیسے رہوں کا یار تمھارے بنا اگر اس ظالم سماج نے ہمیں الگ کر دیا تو۔۔۔کیا تم رہ لو گئی میرے سے دور۔۔۔

ماوی کچھ پل اسے دیکھتی سوچتی ہے پھر منہ بناتی نہ میں سر بہلاتی ہے۔۔۔۔

آپ بہت اچھے ہیں مجھے آپ کہ ساتھ ہی رہنا ہے۔۔

اسکی بات پہ وہ مسکراتا ہے اسکی بات نہ اسکے خوش کر دیا تھا اسے اپنے قریب کرتا اسکی کندھے پہ سر رکھتا اسکی خوشبو میں سکون محسوس کرتا ہے۔۔۔

میں کیسے اپنا سکون خود سے دور کر دوں۔۔۔۔

ماوی اس کو پریشان دیکھ اسکے سر پہ تھپتھپاتی ہے اپنی طرف سے تسلی دیتی ہے۔۔۔۔ازلان اسکی معصوم سی تسلی پہ مسکرا جاتا ہے۔۔۔

اور اسے گلے لا گا لیتا ہے۔۔۔

میری معصوم سی جان۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

حاشر دوبارہ سے اس ہی جگہ جاتا ہے اس بار اسکا دل بدل چکا تھا۔۔پہلے اسے اس جگہ سے بے زاری سی ہوتی تھی اب اسے نا جانے نفرت سے ہونے لگی تھی۔۔

وہ بنا کسی کی طرف دیکھے چلتا اپنے ماں کہ کمرے کی طرف آتا ہے۔۔۔۔۔دروازہ کھولتا وہ اندر جاتا ہے جہاں رسیہ بیگم اور اسکی کچھ اور ساتھی کھری تھی

لو حاشر آگیا۔۔۔

وہ اندر آتا بیڈ کی طرف دیکھتا ہے جہاں اسکی ماں آنکھیں بند کیے لیٹی ہوتی ہیں۔۔۔

کیا ہوا انھیں۔۔۔۔کیسے ہوا یہ سب۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ انکی حالت دیکھ پریشانی سے پوچھتا ہے جو بہت کمزور اور بیمار لگ رہی تھی۔۔۔۔

ارے کچھ نہیں بس وقت قریب آگیا ہے اور کیا۔۔۔ایک نہ ایک دن تو مرنا ہی ہے اسنے۔۔۔۔

رسیہ بیگم کی بات پہ حاشر کا دل تڑپ جاتا ہے۔۔۔۔۔جو اتنی بے رحمی سے اسکے ہی سامنے اسکی ماں کہ مرنے کی بات کر رہی تھی۔۔۔۔۔

میں نے پوچھا ہوا کیا ہے۔۔۔۔

رعب سے لہجے میں رسیہ کی ساتھ کھری عورت کو دیکھ پوچھتا ہے تو وہ۔اسے ڈاکٹر کی بات بتانے لگ جاتی ہے۔۔۔۔

دن سے بخار میں تھی اور پیٹ درد کا کہ رہی تھی ہم نے دوا دے دی 2 3 ۔۔۔۔لیکن صبح طبعت زیادہ خراب ہوئی تو ڈاکٹر کو دیکھایا اسنے بتایا انکا ایک گردہ فیل ہو گئی ہے اور دوسری بھی کافی متاثر ہے اس وجہ سے۔۔۔۔

حاشر کی نظر اپنی ماں پہ جاتی ہے۔۔۔۔جو دوایوں کہ زیر اثر سو رہی تھی۔۔۔۔

چلو سب بہت کام ہے۔۔۔۔اسکا بیٹا آ گیا ہے دیکھ لے گا۔۔۔۔

رسیہ حاشر کو دیکھتی سب کو حکم دیتی ہے۔۔۔۔سب ایک ایک کر کہ باہر نکل جاتی ہیں۔۔۔۔آخر میں ایک نظر حاشر کو دیکھ وہ بھی نکل جاتی ہیں۔۔۔۔

تھکے تھکے قدم اٹھاتا حاشر اپنی ماں کہ پاس آتا اسکے پاس بیڈ پہ ہی بیٹھتا انکا ہاتھ اپ ے ہاتھ میں تھامتا ہونٹوں سے لگاتا ہے۔۔کچھ پل انھیں دیکھتے انھیں کہ ساتھ لیٹتا اپنے حصار میں لیتا اپنی ماں کہ کندھے پہ سر رکھتا رو پڑتا ہے۔۔۔۔۔۔

پلیززززززسوری۔۔۔۔مجھے نہیں چھوڑنا پلیززززز

انکے کندھے سے لگا وہ روتا آنکھ بند کر جاتا ہے۔۔۔۔۔

عین چائے کہ کپ لیے روم میں آتی ہے سامنے نظر پڑتی ہے جہاں حاشم سو گیا ہوتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

مجھے چائے لانے کا کہ کر خود سو گئے۔۔۔

وہ کپ کی ٹرے حاثم کی سائڈ ٹیبل پہ رکھتی ہے۔۔۔اسے جگانے لگتی ہے۔۔۔۔لیکن پھر اسکے سونے کا خیال کرتی اسے جگائے بنا ہی اپنی سائڈ کی طرف بڑھ جاتی ہے اچانک اپنے ہاتھ کو حاثم کی گرفت میں محسوس کر جھٹکے سے موڑتی ہے۔۔۔

آپ جاگ رہے ہیں۔۔۔

ہاں جاناں میں جاگ رہا ہوں۔

اسے کھینچتا احتیاط سے اپنے ساتھ لیٹا ایک بازو بیڈ پہ رکھے اس پہ جھکتا ہے۔

حاااا ثممم

www.novelsclubb.com

وہ کھبرا جاتی ہے اس کو اپنے پاس دیکھ کہ۔۔۔۔

آج سونے کا میرا کوئی ارادہ نہیں دن میں بہت سو لیا ہے میں نے۔۔۔۔

اسکے چہرے پہ پھونک مارتا بولتا ہے تو عین کا سانس اسکے سینے میں ہی اٹک جاتا ہے۔۔۔۔

مجھے تو سووووننناااہے نہ۔۔۔۔کل شوپنگ پہ بھی جانا ہے۔۔۔

وہ گھبراتی اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔۔

وہ بھی چلیں جائیں گے۔۔۔لیکن اب میں چاہتا تھوری فیملی پلینگ ہو جائے۔۔۔

ابھی رات میں۔۔۔۔

بے اختیار اسکے منہ سے نکلتا ہے۔۔۔۔حاثم مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔

دن میں بھی کر سکتے اگر تم چاہو۔۔۔میں تیار ہوں بس تمھاری اجازت ہونی چاہیے ۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اپنی مسکراہٹ دباتا وہ کہتا ہے عین شرما سی جاتی ہے۔۔اسکی شرم اور گھبراہٹ محسوس کر حاثم اسکے ماتھے پہ لب رکھتا پیچھے ہوتا اسے اپنے حصار میں لیتا ہے اسکا سر تھپکتا ہے۔۔۔۔

سو جاو۔۔

اور چائے۔۔۔

چائے تب پیوں گا جب رات جاگنا ہو گا۔۔۔۔

اسکے گالوں پہ لب رکھتا کہتا ہے۔۔۔

وہ اسکی طرف چہرہ کیے حاثم کو دیکھتی ہے۔۔۔حاثم کی آنکھیں بند تھی۔۔۔۔لیکن عین کی نظریں خود پہ محسوس کر آنکھیں کھول اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔دونوں کی نظریں ملتی ہے اور ایک دفع پھر وہ اپنا دل اس پہ ہار جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

ہاتھ بڑھا کہ اسکی آنکھوں پہ رکھتا ہے۔۔۔۔

مت دیکھو جاناں ان آنکھوں، قسم سے دل لوٹ لیتی ہو۔۔۔۔

اسکی بات پہ عین مسکرا جاتی ہے۔۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

[11:56 am, 18/05/2023] Afreen Blogger: از قلم

آفرین شبیر

#Hamnavamery

EP 26...

اچھا پھر ہم چلتے ہیں شام تک واپس آجائیں گے۔۔۔

www.novelsclubb.com

حاثم کھڑا ہوتا ہے۔۔۔ان چاروں کو شوپنگ پہ جانا تھا دوپہر ہونے والی تھی اور شام تک انھیں واپس بھی آنا تھا۔۔۔کل مہندی تھی۔۔ازلان بھی اپنی قمیض سہی کرتا اٹھتا ہے۔۔۔۔

میں بھی جاوں گی نہ۔۔۔

ماوی ان دونوں کو دیکھ پوچھتی ہے۔۔۔۔

ہاں گڑیا تم بھی جاو گی۔۔۔

حاثم مسکرا کہ کہتا عین کو دیکھنے اوپر جاتا ہے۔۔۔۔

ماوی کہ لیے ایک برات کا لباس لے لی اور ولیمے کا۔۔۔۔

خانم ازلان کا بنا منہ دیکھ ان کی رخصتی کا سوچ لیتی ہے۔۔۔۔ لیکن سامنے کھڑا ان کا بیٹا تو کانوں پہ پردے ڈالے بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

کیوں جب رخصتی ہی نہیں کرنی تو کیوں لوں میں۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ منہ بناتا ناراضگی سے منہ پھیر لیتا ہے۔۔۔۔

دیکھ رہے رہیں آپ کیسے کر رہا ہے۔۔۔ایک جوتی پرے گی سارے منہ سیدھے ہو جائیں گے اسکے۔۔۔۔

خانم پہلے حکمت صاحب کو پھر ازلان کو گھورتی ہیں۔۔۔۔

بیٹا جی ولیمے کا ڈریس بھی تو کہا ہے مطلب رخصتی کروادین گے تمھاری بھی۔۔۔۔

حکمت صاحب اسکی کم۔ عقلی پہ دانت پیسے کہتے ہیں۔۔۔تو وہ ایک دم خوش ہوتا ہے

کیا واقعی یہ ہوئی نہ بات چلو ماوی اب تمھیں کرواتا ہوں شوپنگ۔۔۔۔

اپنے ماں بات کو دیکھتا جھک کہ ماوی کے دونوں گالوں کھینچتا ہاتھ پکڑ کہ کھرا کرتا ہے۔۔

ابیا کو تو آنے دین۔۔۔۔۔میرے پیسے ان کہ پاس ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی کی بات پہ خانم، حکمت صاحب اور ازلان تینوں نا سمجھی سے اسے دیکھتے ہیں۔۔۔

کون سے پیسے۔۔۔

ازلان کے کہتے ماوی اپنے سر پہ ہاتھ رکھتی۔۔۔

وہی جس سے شوپنگ کرنی۔۔۔۔اپیا ہی تو مجھے کپڑے دلاتی ہیں نہ تو ان کے پاس پیسے ہونے ہیں نہ۔۔۔۔

ماوی کی عقل مندی پہ وہ تینوں پہ سر پیٹ لیتے ہیں۔۔۔۔

بیٹا اب ازلان آپ کا شوہر ہے تو اب وہی آپ۔ کو شوپنگ بھی کروایا گا اور جو چاہیے وہی آپ کو دلائے گا۔۔۔۔

حکمت صاحب کی بات پہ وہ ایک دم خوش ہوتی ازلان کو دیکھتی ہے۔۔۔۔۔جس پہ وہ سر ہاں میں ہلا دیتا ہے۔۔۔۔۔

پھر چلیں مجھے بہت ساری چیزیں لینی ہیں۔۔۔۔

ماوی اسے گھسیٹتی ہے۔۔۔۔ازلان عین اور حاثم کو آتا دیکھ خود بھی آگے بڑھ جاتا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اللہ کرے اس کی بہت ساری چیزیوں میں کپڑے بھی ہوں۔۔۔۔۔

خانم کہتی ہے تو حکمت صاحب مسکرا جاتے ہیں۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

حاشر کی آنکھ کھلتی ہے آج اتنے وقت بعد وہ اپنی ماں کہ پہلو میں اتنا سویا تھا۔۔۔اپنی ماں کا ہاتھ اپنے بالوں میں چلتا محسوس کر اسے اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ جاگ رہی ہیں۔۔۔۔اٹھ کہ انھیں دیکھتا ہے۔۔۔۔

کب سے جاگ رہی ہیں آپ۔۔۔

صبح سے۔۔۔۔اب تو دوپہر ہونے والی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسکی نیند سے بھری آنکھوں کو دیکھ کہتی ہے۔۔۔

اوہہ ناشتہ نہیں کیا ہو گا نہ آپ نے میں لے آتا ہوں۔۔۔

وہ اٹھنے لگتا ہے جب وہ اسکا ہاتھ پکڑ کہ روک لیتی ہیں۔۔۔

میری بیماری کا سن کہ آیا ہے نہ۔۔۔ویسے تو تجھے توفیق نہیں

ممی ناشتہ کر لو پھر بات کرتے ہیں۔۔۔۔

اسکی بے بسی پہ وہ چپ سی ہو جاتی ہیں۔۔۔انھیں اندازہ تھا وہ بھی بہت کچھ برداشت کرتا رہا ہے۔۔۔اٹھ کہ ناشتہ لینے جاتا ہے۔۔۔۔کچھ وقت بعد انکے لیے پریزی کھانا لہ کہ آتا ہے اور اپنے لیے کافی۔۔۔ان کہ پاس بیٹھتا اپنے ہاتھوں سے چمچ میں کھچری ڈال کہ ان کی طرف بڑھاتا ہے۔۔۔۔راحت بیگم نم آنکھوں سے اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

پہلے جیسا ہو جا حاشر۔۔۔مجھے اپنا وہ بیٹا بہت یاد آتا ہے۔۔۔جس کہ پاس دل تھا۔۔۔اب تو ایسا لگتا ہے پتھر بن گیا ہے تیرا دل۔۔۔

حاشر کہ ہاتھ دو پل کو رکتے ہیں۔۔۔۔پھر وہ ایک چمچ بھر کہ انکی طرف کرتا ہے۔۔۔۔تو وہ منہ پھیر لیتی ہیں۔۔۔۔

میرے ساتھ چلیں میرے گھر۔۔۔۔

اسکی بات پہ وہ تنظیہ مسکراہٹ سے اسے دیکھتی ہیں۔۔۔

تیرا گھر۔۔۔ معصوم عورتوں کی آہو پکار سے بنائے گھر کو گھر نہیں کہتے بیٹا

راحت بیگم کی بات پہ وہ ایک پل کو ساکت ہوتا ہے۔۔۔۔

کیسے تو کسی کی بیٹی کو اجاڑ کر سکون سے سو جاتا ہے۔۔۔

حاشر انکا چہرہ دیکھ کہ رہ جاتا ہے وہ انھیں یہ نہ بتا سکا وہ واقعی اس دن سے بنا نیند کی دوا کہ سو نہیں سکا۔۔

جو بھی ہے اب آپ میرے ساتھ ہی رہو گی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تیرے اس گھر جانے سے اچھا مجھے یہی موت آجائے۔۔۔

ممی۔۔۔۔۔

ایک دم حاشر انھیں دیکھتا ہے ترپ کہ بے بسی سے لیکن وہ منہ پھیر جاتی ہیں۔۔۔

انھیں اپنے لاڈلے بیٹے پہ غصہ تھا۔۔جس کہ۔لیے وہ ہر ظلم۔برداشت کر گئی وہی انکا نہیں بنا تھا۔۔۔۔

تیری کوئی بہن نہیں ہے نہ اس لیے تجھے احساس نہیں ہے کہ بہن بیٹی کی عزت کیا ہوتی ہے۔۔۔

ممی بس کر دیں۔۔۔۔

اسکی قوت برداشت ختم ہو رہی تھی۔۔۔۔آنکھیں نم ہو گئی تھی۔۔۔جب رسیہ بیگم۔اندر آتی ہے۔۔۔۔

ہاں رے راحت کیسی طبیعت ہے۔۔۔

پان والا منہ چلاتے وہ حاشر کہ کندھے پہ ہاتھ رکھ کھری ہو جاتی ہیں۔۔۔۔

ٹھیک۔۔۔۔"وہ بس اتنا ہی بولتی چپ ہو جاتی ہے۔۔۔۔

رسیہ بیگم میں اپنی ماں کو اپنے ساتھ لے جانا چاہتا ہوں۔۔۔اب۔۔۔

حاشر اپنی ماں کی طرف دیکھتا رسیہ سے مخاطب ہوتا ہے۔۔۔۔

ہاں لے جا اب اسکا کوئی فائدہ بھی نہیں ہے ہمیں۔۔۔ بڑھاپہ آگیا ہے اوپر سے بیماری اب بس بوجھ ہی ہے ہمارے لیے۔۔۔۔

وہ۔اتنی تلخی سے کہتی ہے کہ حاشر بھی کچھ پل انھیں دیکھتا رہ جاتا ہے جس نے اسکی ماں کو دو کوڑی کا کر دیا تھا۔۔۔ کوئی حاشر عالم۔سے پوچھتا کہ اسکی ماں اس بوڑھاپے میں اور بیماری کہ ساتھ بھی کتنی قیمتی تھی اسکے لیے۔۔۔۔راحت کی آنکھوں میں نمی سی آجاتی ہے۔۔۔اپنی ذات پہ اس طرح کہ الفاظ سن کہ۔۔۔

تو یہ بتا دھندا کیسا جا رہا ہے تیرا۔۔۔۔

وہ اسکے کندھے پہ تھپتھپاتی اپنے مطلب کی بات کرتی ہے۔۔۔۔۔حاشر عالم کچھ پل انھیں دیکھتا ہے۔۔۔۔رسیہ اسکی آنکھوں میں لکھی تحریر پڑھ لیتی ہیں جو اسکے سوال پہ سوچ میں گم ہو گیا تھا۔۔۔۔

"چل بعد میں بات کرتے اسکے بارے میں۔۔۔۔"

اسکا کندھا تھپتھپاتی وہ وہاں سے چلی جاتی ہیں۔۔۔۔

"آپ تیار ہو جانا میں آتا ہوں۔۔۔۔"

وہ راحت بیگم کو کہتا رسیہ کہ پیچھے جاتا ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤

بس کرو دماؤی یہ کیا لے رہی ہو تم ہمیں شادی کہ کپڑے لینے ہیں۔۔۔۔

وہ تقریبا2 گھنٹے سے کفٹ شوپ پہ کھڑے تھے اور وہ چھوٹی چھوٹی ہر چیز لے رہی تھی اس سے پہلے وہ مال کی ہر کھانے کی آئٹم کھا چکی تھی لیکن جس کام کہ لیے آئے تھے وہ کیا ہی نہیں تھا۔۔۔حاتم اور عین الگ سے شاپنگ کر رہے تھے۔۔۔۔اور بیچارا ازلان اس کے ساتھ برا پھنسا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بھائی یہ والا ٹیڈی کتنے کا ہے میرے پاس ایسا ایک ہے لیکن وہ لڑکا ہے آپ لڑکی والا دیکھا دین۔۔۔۔

دوکاندار کچھ پل اسے دیکھتا سوچتا ہے۔۔۔پھر ایک ٹیڈی نکال کے لاتا ہے۔۔۔۔

یہ دیکھیں میڈم یہ ہے۔۔۔۔

نہیں بھائی ہمیں نہیں چاہیے آپ بس اسکا بل بنائیں۔۔۔۔

ازلان وہ ٹیڈی اسکے ہاتھ سے لیتا سائڈ کرتا سامنے پڑی کینڈل، بیج، ڈائری، چھوٹے چھوٹے دیکوریشن پیس کا بل بنواتا ہے۔۔۔۔

ازلان جی پلیز زززنہ۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں ماوی ابھی چلو۔۔۔۔

وہ اسکی بنا سنے سامان ہاتھ میں پکڑتا اور دوسرے سے ماوی کا ہاتھ پکڑے باہر آتا ہے۔۔۔۔

ازلان جی پلیز ز

نہیں ماوی۔۔وہ دیکھو بھائی بھی آ گیے۔۔۔۔

ازلان حاشم اور عین کو آتا دیکھ کہتا ہے۔۔۔۔

تم دونوں نے ابھی تک شوپنگ نہیں کی۔۔۔۔

حاشم ان کہ پاس آتا پوچھتا ہے۔۔۔۔

کیسے کریں ان میڈم کہ یہ کھلونے تو لینا ختم ہو۔۔۔۔

ازلان منہ بنا کہ ماوی کو دیکھتا ہے۔۔۔۔عین ماوی کو دیکھتی ہے جو اپنی چھوٹی سی ناک غصے میں بھولائے کھری تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی تم کیوں تنگ کر رہی ہو۔۔۔۔اور یہ چیزیں کوئی لینے والی ہیں۔۔۔

عین اسے ڈانٹتی ہے۔۔۔

اپیا انکل نہ کہا تھا کہ جو چاہیے لے لینا۔۔مجھے چاہیے تھا یہ سب مجھے پسند ہے آپ بھی کبھی نہیں دلاتی تھی۔۔۔۔

وہ ایک دم رونے والی ہو جاتی ہے۔۔تو ازلان اسکی نم آواز سن اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔

میری جان، میرے پٹاکے یہ سب تم بعد میں بھی لے سکتی منع تو نہیں کر رہا نہ میں لیکن ہمیں شادی کی شوپنگ کرنی ہے پھر رات سے پہلے گھر بھی جانا ہے ورنہ گاوں میں اگر رات کو گئے تو چڑیلوں کا ڈیرا ہوتا ہے اگر انھوں نے ہمیں پکڑ لیا تو۔۔۔۔۔

وہ بہت پیار سے اسے ڈراتا ہے حاثم اسکی بات پہ مسکراہٹ دباتا ہے۔۔۔۔اور ماہی کی آنکھیں پھیل جاتی ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیاااواقعی نہیں نہیں ہم رات میں نہیں جائیں گے جلدی سے کپڑے لیتے ہیں۔۔۔۔

ماوی اسکا ہاتھ پکڑتی کھسیٹتی ہے جس پہ وہ مسکراتا حاشم کو دیکھتا ہے۔۔۔۔

بھائی بھابھی آپ کچھ کھائیں تب تک ہم۔آتے ہے۔۔۔

وہ انھیں کہتا مسکراتا ماوی کہ ساتھ چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔اس بات سے بے خبر وہ چاروں کہ وہ کسی کی نظروں کے حصار میں ہیں۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(^.^)

رسیہ بیگم۔۔۔۔

وہ جو ابھی اپنے کمرے میں آئی تھی پیچھے سے حاشر کی آواز پہ مسکراتی ہے۔۔۔

اجا حاشر۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسکی اجازت پہ حاشر اندر آتا ہے۔۔۔۔

رسیہ بیگم مجھے بات کرنی ہے آپ سے۔۔۔۔

اپنی ڈوپٹے کو اتار کہ وہ سائڈ پہ رکھتی ہے جس پہ حاشر نظر جھکا لیتا ہے۔۔۔۔

ہاں بول سن رہی ہوں میں۔۔۔۔چنری

اپنا پان کا ڈبہ نکالتی وہ اپنی ساتھی کو آواز لگاتی ہے۔۔۔۔جو اگلے ہی پل کمرے میں ہوتی ہے۔۔۔۔

چنری یہ پان بنا میرے لیے۔۔۔

اسکو ڈبہ تھماتی وہ حاشر کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔۔

میں آپ کا شکریہ تو نہیں کروں گا نہ ہی احساس مانوں گا کہ آپ نے میری تعلیم مکمل کروائی کیونکہ اس سب کہ بدلے آپ میری ماں سے بہت کام لے چکی۔۔۔۔۔میرا آپ کے ساتھ تعلق صرف میری ماں کی وجہ سے تھا۔۔۔آج میں انھیں یہاں سے لے جانے کہ بعد میرا اور آپکا تعلق بھی ختم ہو جائے گا۔۔۔۔

نہ حاشر عالم اور راحت عالم کسی رسیہ بیگم کو جانتے ہیں۔۔۔اور نہ ہی رسیہ بیگم کسی حاشر عالم اور راحت عالم کو۔۔۔۔۔

رسیہ بیگم دم سادھے سن رہی غصہ تو بہت آرہا تھا لیکن چپ تھی۔۔۔۔

میں اب اپنی ماں کو اور دکھ نہیں دے سکتا وہ جس حالت میں ہیں۔۔۔میں انکو صرف سکون اور خوشی دینا چاہتا ہوں۔۔۔۔تو میں اب آپ کے ساتھ اور کام نہیں کروں گا۔۔۔۔

رسیہ بیگم غصے میں ہاتھ بند کرتی ہیں۔۔۔وہ جو اسکے ذریعے لاکھوں کمارہی تھی ایک دم سب ہاتھ سے جاتا نظر آتا ہے۔۔۔۔ان کہ کوٹھے پہ وہ امیر کبیر لوگ جن کی معاشرے میں عزت تھی وہ نہیں آسکتے تھے۔۔۔۔جنھیں حاشر ٹارکٹ کرتا تھا۔۔اور وہ لاکھوں میں پیسہ دیتے تھے۔۔۔۔جس میں سے 50% رسیہ کو تھا اور 50% حاشر کا۔۔۔۔لیکن وہ اب سب ڈوبنے جارہا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے وہ سارے لوگوں کہ نمبر مجھے دے جائی۔۔۔جو تیرے کلائنٹ ہیں۔۔۔اور وہ دو لڑکیاں بھی واپس کردی۔۔۔

بہت ضبط سے وہ کہتی ہیں۔۔۔چنری بھی خاموشی سے اس شخص کو دیکھ رہی تھی۔۔۔رسیہ کی بات پہ ایک دم ایمان کا چہرہ اسکی نظر کہ سامنے آتا ہے۔۔۔اور وہ خود سے سوال۔کرتا ہے کہ کیا وہ ایمان کو اس جگہ واپس بھیج سکتا ہے اور فوراہی دل ودماغ دونوں سے ساتھ جواب آتا ہے "نہیں" کیسے وہ اپنی عزت کو بے عزت کرنے کہ لیے چھوڑ سکتا ہے۔۔۔۔

پھر اسے وہ لڑکیاں یاد آتی ہیں۔۔۔نینا، کلسوم، امبر، عین اور نا جانے کتنی لڑکیاں جس کا سودا حاشر عالم۔نے کیا تھا وہ سانس تک نہیں لے پاتا یہ سوچ آتے کہ وہ اپنی عزت کا سودا نہیں کر سکتا باقی لڑکیاں بھی تو کسی کی عزت تھی کسی بات کا غرور، بھائی کا مان۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسکی آنکھوں پہ پڑی پٹی آہستہ آہستہ اترنا شروع ہو رہی تھی۔۔۔

بول"۔۔۔رسیہ اسے گم سم دیکھ بولتی ہیں۔۔

وہ وہ ایک تو بھاگ گئی اور ایک مر گئی۔۔۔۔

وہ دونوں کہ۔ متعلق جھوٹ بول۔ جاتا ہے۔۔۔۔اور جھوٹ ایسا کہ وہ پکڑ نہ جا سکے۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔رسیہ اسے دیکھ بس اتنا ہی بولتی ہے۔۔۔

اب میں چلتا ہوں امید ہے اب ملاقات نہیں ہو گی۔۔۔۔

وہ کہتا باہر نکل جاتا ہے۔۔زیادہ وہ انکے سامنے ہوتا تو وہ نا جانے کیا سوال۔ کرتی اسے یقین تھا کہ رسیہ بیگم۔اسکے جھوٹ سے مطمئیں نہیں ہوئی۔۔۔۔وہ اپنی ماں کو لیتا وہاں سے نکل۔ جاتا ہے کبھی نہ لوٹنے کہ لیے۔۔۔۔۔لیکن اسے آنا تھا ایک بار برائی کب جلدی پیچھا چھوڑتی ہے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

حاشر کہ جاتے رسیہ ساتھ پڑا پیلو اٹھا کہ زور سے زمین پہ پھینکتی۔۔۔

میری بلی مجھی پہ میاوں۔۔۔جس کو میں نے شیر بنایا وہ مجھے ہی پٹ دیکھا کہ چلا گیا۔۔۔۔۔

ابھی وہ سوچ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔جب موبائل رنگ ہوتا ہے۔۔۔وہ اپنا موبائل اٹھا کہ دیکھتی ہے۔۔۔۔

ہاں بول۔۔۔۔

سامنے والے کی بات سن اسکی آنکھیں چمکتی ہے۔۔۔۔

اس لڑکی کا پیچھا کر وہ مجھے یہاں اس کوٹھے پہ چاہیے۔۔۔۔حاشر کو نہ پتا چلے بس۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ کہتی موبائل بند کر دیتی ہے۔۔۔۔۔

کیا کرنے والی ہیں آپ رسیہ بیگم۔۔۔۔

چنری پان اسے پکڑاتی بولتی ہے۔۔۔۔۔جس پہ رسیہ مسکراتی ہے۔۔۔

ایک تیر سے دو شکار۔۔۔وہ لڑکی جسکا حاشر نے بتایا تھا۔۔۔وہ مل گئی ہے۔۔۔۔اب وہ آئے گی یہاں اور اسکا الزام جائے گا حاشر پہ وہ جو مجھے انکار کر کے گیا ہے نہ خود آئے گا اپنے بچاو کہ لیے میرے پاس پھر میں بتاوں گی کہ اصل اوقات ہے کیا اسکی۔۔۔۔

رسیہ کہ ارادے جان چنری خاموش ہو جاتی ہے۔۔۔۔

(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)❤(◍•ᴗ•◍)

چندا یہ کیا حالت کی ہوئی ہے تم نے بالوں کی۔۔۔

انھیں گھر جاتے جاتے شام ہو گئی تھی اس وقت وہ گاؤں کی حدود میں پہنچ گئے تھے ۔۔۔باہر ہلکا ہلکا اندھیرا تھا۔۔حاشم اور ازلان آگے بیٹھے پیچھے ماوی اور عین تھی۔۔۔عین اسکا ہجاب سہی کر رہی تھی تو اسکے بالوں پہ نظر جاتی ہے۔۔۔۔

اتنے چپکے ہوئے ہیں۔۔۔۔شیمپو نہیں کیا اور تیل وہ بھی نہیں لاگایا۔۔۔۔

عین کی بات پہ ماوٰی منہ بناتی کہتی ہے۔۔۔۔۔

مجھے بال دھونے نہیں آتے آپ کو پتا تو ہے اپیا۔۔۔۔اس لیے بس جیسے آتے ویسے دھو لیتی۔۔۔۔

اسکی بات پہ ازلان موڑتا حیرت سے اسے دیکھتا ہے۔۔۔۔

کیا واقعی تمھیں بال دھونے نہیں آتے۔۔

ازلان کی حیرت سے ڈوبی آواز پہ ماوٰی نہ میں سر ہلاتی ہے۔۔۔۔

تو یہ مجھے نہیں بتا سکتی تھی۔۔۔میں دھلوا دیتا تقریبا 21 مہینے ہو گئے بتایا کیوں نہیں

www.novelsclubb.com

۔۔۔۔

ازلان اسے گھورتا ہے۔۔۔تو وہ عین کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

آپ نے پوچھا ہی نہیں۔۔۔۔

وہ بولتی عین کہ کندھے میں منہ چھپاتی ہے۔۔۔جس پہ ازلان افسوس سے سر ہلاتا ہے۔۔۔۔

ابھی وہ کھیتوں کہ پاس سے گزار رہے تھے دن میں وہ جو خوبصورتی کی مثال بنا تھا اس وقت خوفناک منظر پیش کر رہے تھے۔۔۔۔۔ازلان باہر ایک نظر دیکھ حاثم کو دیکھتا آنکھوں سے اشارہ کرتا ہے۔۔۔جسے سمجھ کہ وہ ایک نظر پیچھے ماوی کو دیکھتا ہے جو موبائل میں گم ہوتی ہے۔۔۔۔۔

اووووشیٹ

حاثم کی آواز پہ عین ایک دم اسے دیکھتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا ہوا۔۔

گاڑی رک گئی ہے۔۔۔رکو میں دیکھتا ہون۔۔۔۔چلو ازلان۔۔۔۔

حاثم اسے آنکھ مارتا ہے تو وہ دونوں باہر نکلتے ہیں۔۔۔۔عین ایک نظر باہر دیکھتی ہے ماوی بھی باہر اندھیرے کو دیکھتی ہے۔۔۔

اپیاااااایہاں تو اندھیرا ہے۔۔۔چوریل تو نہیں آجائے گی نہ۔۔۔۔

وہ معصومیت سے عین کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

نہیں چندا نہیں آئے گی پھر ازالان بھائی اور حاثم ہیں نہ۔۔۔۔وہ انھیں بھاگا دیں گے۔۔۔

ماوی کو وہ تسلی دیتی ہے عین کے کندھے سے لگی وہ باہر خوفناک منظر دیکھتی آنکھیں زور سے بند کر لیتی ہے۔۔۔۔۔ابھی 1 منٹ ہی گزرا تھا۔۔۔۔جب حاثم عین کو پکارتا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ماوی تم رو کو باہر نہیں آنا میں ابھی آتی ہوں۔۔۔۔

اپیاااااا

وہ ڈر کہ اسکا ہاتھ پکڑتی ہے حاشم کی دوبارہ آواز پہ وہ اسکے گال تھپتھپاتی ہے۔۔۔

میں باہر ہوں۔۔۔ابھی آئی۔۔۔

وہ کہتی باہر جاتی ہے ماوٗی ڈرتے دروازے بند کر لیتی ہے۔۔۔2 منٹ تک کوئی واپس نہیں آتا نہ ہی کوئی آواس آتی ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ سر نکال کہ باہر دیکھتی ہے باہر گاڑی کا بونٹ کھولا تھا تو اسے سامنے کچھ نظر نہیں آتا۔۔۔۔

از لاان جیییی

وہ ازلان کو پکارتی ہے۔۔۔۔لیکن کوئی جواب نہیں آتا۔۔۔۔دوسری سائڈ سے دیکھنے کی کوشش کرتی ہے لیکن وہاں بھی کوئی نہیں ہوتا اسکا معصوم سا دل کانپنا شروع ہو جاتا ہے دل زور زور سے کانوں میں بج رہا تھا۔۔۔۔۔

کہان چلیں گئے ہیں سب۔۔۔۔ازلان جی،اپیاا

وہ سوچتی دوبارہ پکارتی ایک دفعہ باہر اندھیرے کو دیکھتی ہے۔۔۔۔ہمت کرتی باہر نکلتی ہے۔۔۔۔۔لیکن وہاں دور دور تک اسے کوئی نظر نہیں آتا ایک بھی انسان نہیں صرف جھیگر کی آوازیں۔۔۔۔۔ایک دم اسکا پورا جسم کانپنا شروع ہو جاتا ہاتھ کی ہتیلیاں پسینے سے بھیگ جاتی ہیں۔۔۔

ازلان جی۔۔۔۔ازلا ننن جی کہاں ہیں آپ۔۔۔۔۔

وہ پریشانی اور ڈر سے ازلان کو پکارتی ہے۔۔۔۔ازلان حاثم اور عین باغوں میں چھپے تھے۔۔۔

حاثم نہیں کریں نہ وہ ڈرتی ہے۔۔۔۔

ماوی کو پریشان دیکھ عین کہتی ہے۔۔۔۔

حاثم اسکے بولنے پہ عین کہ منہ پہ ہاتھ رکھتا ہے۔۔۔۔اور چپ رہنے کا کہتا ہے۔۔۔۔۔

ازلاااااانہہ ننننم جیییی آجاں۔۔۔ازلان جیی ازلان جیی آجائیں پلیززززازلان جیی کو چھوڑدووووو

وہ۔ مسلسل ازلان کو آوازیں دے رہی تھی حاثم ازلان کی طرف دیکھتا ہے سارے پرینک کا ماسٹر مائنڈ ہی وہ تھا جو اسے ساتھ ہی چھپا تھا۔۔۔ازلان جو مسکرا رہا تھا ایک دم اسکی مسکراہٹ غائب ہوتی ہے جب ماوی بیچ سڑک پہ ہی چینخیے مارتی روتی ازلان کو پکارتی ہے اسے اس وقت بس ازلان چاہیے تھا۔۔۔۔وہ جو سمجھ رہا تھا مزاہ آئے گا اسکا یہ رونا چلانا دیکھ بنا دیر لگائے بھاگتا ہے۔۔۔اسے اپنے پرینک کرنے پہ غصہ آتا ہے۔۔۔

ماوی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ازلان کی آواز پہ وہ اسکی طرف دیکھتی بھاگ کہ ازلان کہ سینے سے لگتی ہے۔۔۔۔

آپ آگیے، میں ڈر گئی تھی مجھے لاگا وہ چڑیل آپ کو اپنے ساتھ لے گئی۔۔۔

ازلان اسکا کانپنا محسوس کرتا اسے اسے اٹھا کہ گاڑی کہ بونٹ پہ بیٹھاتا اسکا ہاتھ اور کمر سہلاتا ہے۔۔۔۔

میرا معصوم سی جان اتنا ڈر گئی تھی میں تو کہیں نہیں گیا تھا یہی تھا اپنی جان کہ پاس ۔۔۔۔

وہ اسکے آنسو صاف کرتا ہے۔۔۔۔۔

عین یہ منظر دیکھ منہ بناتی ہے۔۔۔۔

یہ مجھے کیوں نہیں پکار رہی۔۔۔۔میں بھی تو غائب ہوئی تھی۔۔۔

عین کہ بات پہ حاثم جھٹکے سے اسے دیکھتا ہے۔۔۔وہ جیلس ہو رہی تھی ازلان اور ماوی سے۔۔۔۔حاثم اسکی جیسلیی پہ مسکرا جاتا ہے۔۔۔۔۔

لگتا ہے کوئی جیلس ہو رہا ہے۔۔۔

کون۔۔۔

عین سر اٹھا کہ اسے دیکھتی پوچھتی ہے۔۔۔۔جس پہ حاثم اسکی ناک دباتا ہے۔۔۔۔

تم۔۔۔۔ازلان اور ماوی کی اٹیچمینٹ سے۔۔۔۔

ہیں ن کیوں ہوں گی مجھے خوشی ہے کہ وہ اسکا اتنا خیال رکھتا ہے۔۔۔۔لیکن غائب تو میں بھی ہوئی اسنے مجھے کیوں. نہیں پکارا۔۔۔۔

وہ انکار کرتی پھر وہی بات کہ جاتی ہے۔۔۔۔جس پہ حاثم ہنستا ہے۔۔۔۔

ازلان جی اپیا بھی گم ہو گئی ہیں اور آپ کہ بھائی بھی انھیں ڈھونڈھ کہ لے آئیں ۔۔۔

ازلان کے کندھے سے سر اٹھا کہ وہ بولتی ازلان کہ آستین سے آنکھیں رگڑتی حاثم کو مسکرانے پہ مجبور کر دیتی ہے۔۔۔۔وہ پیچھے کھڑے تھے اس لیے وہ انھیں دیکھ نہ سکی تھی۔۔۔

ماوی ہم کہیں گم نہیں ہوئے یہی ہین اور یہ سب مزاق تھا جو ازلان نہ تمھیں ڈرانے کہ لیے کیا تھا۔۔۔

حاثم سامنے آتا ازلان کا بھانڈا پھورتا ہے ازلان شرمندہ سا ہو جاتا ہے۔۔۔ماوی معصوم منہ بنا کہ ازلان کو دیکھتی ہے۔۔۔

کیوں۔ازلان جی اگر میرا دل بند ہو جاتا تو۔۔۔

اللہ نہ کرئے ماوی۔۔۔یہ دل بند ہو گیا تو ازلان زندہ رہ سکے گا۔۔۔

وہ ایک دم اسکی بات پہ تڑپتا اسے خود میں گم کرتا ہے۔۔۔اور وہ ایک سیکنڈ میں اسے معاف کرتی آنکھیں بند کر لتی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

چلو گھر چلیں موم کا فون آرہا ہے۔۔۔

حاثم موبائل دیکھتا کہتا ہے سب گھر کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔۔۔

[11:56 am, 18/05/2023] Afreen Blogger: از قلم آفرین شبیر

#Hamnavamery

EP 27..

حاشر اپنی ماں کو گھر لے کر آتا ہے وہ انھیں رستہ میں ہی سب بتا چکا تھا کہ وہ رسیہ بیگم سے سب تعلق ختم کر کہ آیا ہے جس پہ وہ خوشی خوشی اسکے ساتھ گھر میں آئی تھی۔۔وہ انھیں لاونج میں بیٹھاتا ہے۔۔۔۔۔

ممی آپ اوپر والا روم لیں گی یا نیچے والا۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں نیچے ہی سہی ہوں۔۔۔۔

حاشر سر ہلاتا کچن کی طرف جاتا رحمت کہ لیے کھانے کا بولتا ہے،رات ہو چکی تھی۔۔۔۔واپس آتا وہ انکی گود میں لیٹ جاتا ہے۔۔۔

کھانا آتا ہے تو ہم کھانا کھائیں گے پھر آپ آرام کر لینا۔۔۔۔

وہ آنکھیں بند کر لیتا ہے۔۔۔۔رحمت مسکراتی اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرتی ہے۔۔۔۔

ممی کل میں آپ کو اچھے ڈاکٹر کہ پاس لے کہ جاوں گا۔۔۔۔پھر آپ کا علاج ہو گا۔۔۔۔اور آپ ٹھیک ہو جائیں گی۔۔اور ہم تینوں یہاں سے بہت دور چلیں جائیں گے۔۔۔۔

وہ جیسے سارا پلین بنائے بیٹھا تھا۔۔۔۔رحمت بیگم اسکے تینوں کہنے پہ حیران ہوتی ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تینوں کون۔۔۔

حاشر ایک دم آنکھ کھولتا ہے۔۔۔۔اور اٹھتا ہے وہ اسے سوالیہ نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔وہ ہچکچاتا ہے

ممی ہیں ن آپ کو بعد میں بتاوں گا۔۔ابھی آپ کھانا کھائیں۔۔۔۔

وہ ملازمہ کو کھانا لانا تا دیکھ بات پلٹ دیتا ہے۔۔۔تو وہ اٹھتی ٹیبل تک جاتی ہیں۔۔۔

وہ دونوں کھانا کھا رہے تھے کافی سالوں بعد حاشر کو اپنے پاس اتنا مطمئن دیکھ رحمت بیگم کی آنکھیں بھر آئی ہیّ وہ وقفے وقفے سے نوالہ بنا کہ رحمت بیگم کو کھلاتا ہے۔۔۔جب قدموں کی آواز پہ دونوں سیڑیوں کی طرف دیکھتے ہیں۔۔۔۔۔

